صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز منگل مورخہ 17 فروری 2015ء بمطابق 27 ربیع الثانی 1436 ہجری بعد از دوپہر تین بجکر پچاس منٹ پر منعقد ہوا۔
جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

أَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

إِنَّ فِى خَلۡقِ ٱلسَّمَـٰوَٲتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَٱخۡتِلَـٰفِ ٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِ لَأَيَـٰتٍ لِّأُوْلِى ٱلۡأَلۡبَـٰبِO ٱلَّذِينَ يَذۡكُرُونَ ٱللَّهَ قِيَـٰمًا وَقُعُودًا وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمۡ وَيَتَفَكَّرُونَ فِى خَلۡقِ ٱلسَّمَـٰوَٲتِ وَٱلۡأَرۡضِ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ هَـٰذَا بَـٰطِلاً سُبۡحَـٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِO رَبَّنَآ إِنَّكَ مَن تُدۡخِلِ ٱلنَّارَ فَقَدۡ أَخۡزَيۡتَهُ ۥ‌ۖ وَمَا لِلظَّـٰلِمِينَ مِنۡ أَنصَارٍO رَّبَّنَآ إِنَّنَا سَمِعۡنَا مُنَادِيًا يُنَادِى لِلۡإِيمَـٰنِ أَنۡ ءَامِنُواْ بِرَبِّكُمۡ فَـَٔامَنَّا‌ۚ رَبَّنَا فَٱغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرۡ عَنَّا سَيِّـَٔاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ ٱلۡأَبۡرَارِ۔

(ترجمہ): بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات اور دن کے بدل بدل کے آنے جانے میں عقل والوں کیلئے نشانیاں ہیں۔ جو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے (ہر حال میں) خدا کو یاد کرتے اور آسمان اور زمین کی پیدائش میں غور کرتے (اور کہتے ہیں) کہ اے پروردگار! تو نے اس (مخلوق) کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا تو پاک ہے تو (قیامت کے دن) ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچائیو۔ اے پروردگار جس کو تو نے دوزخ میں ڈالا اسے رسوا کیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں۔ اے پروردگار ہم نے ایک ندا کرنے والے کو سنا کہ ایمان کیلئے پکار رہا تھا (یعنی) اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ تو ہم ایمان لے آئے اے پروردگار ہمارے گناہ معاف فرما اور ہماری برائیوں کو ہم سے محو کر اور ہم کو دنیا سے نیک بندوں کے ساتھ اٹھا۔ وآخِرُ الدَّعوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: اچھا، یہ کل جو ہم نے کوئسچنز پینڈنگ رکھے تھے، میں اس کو۔۔۔۔۔

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: یو منټ سپیکر صاحب! سپیکر صاحب! زه یو خبره۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: تھوڑا، نہیں وہ آپ، یہ کوئسچنز، اس کے بعد آپ کو دیں گے۔

سینیئر وزیر (صحت): زما ضروری خبره ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مجھے آپ بات کرنے دیں، آپ بیٹھ جائیں نا، دیکھو اس طرح نہیں ہوتا نا، آپ بیٹھ جائیں، میں بات کرتا ہوں۔ شہرام خان! آپ بیٹھ جائیں۔

سینیئر وزیر (صحت): زه خبره کوم، زما ذاتی خبره ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ 'کوئسچنز آور' ختم ہو جائے، اس کے بعد موقع دیتا ہوں نا جی۔

سینیئر وزیر (صحت): زما د ذات سره متعلق خبره ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ آپ کو موقع۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (صحت): زما د ذات سره تړلې خبره ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: موقع دیتا ہوں، یہ 'کوئسچنز آور' ختم ہو جائے، اس کے بعد موقع دیتا ہوں نا جی۔

سینیئر وزیر (صحت): زما د ذات سره خبره ده، زه څنګه۔۔۔۔

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور'، دیکھیں جی، میں آپ کو موقع دیتا ہوں، میری بات سنیں۔

سینیئر وزیر (صحت): زما د ځان سره متعلق خبره ده، زما بې عزتی شوې ده، زه به ضرور خبره کوم۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: جی جی، اچھا دو منٹ میں بات کرنی ہے کیونکہ 'کوئسچنز آور' ہے، رولز کے مطابق میں آپ کو بتاؤں، رولز۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (صحت): جناب سپیکر! اوږده خبره نه کوم جی، مختصر خبره کوم۔۔۔۔

جناب سپیکر: میری بات پہلے سنیں، رولز کے مطابق چونکہ میں 'کوئسچنز آور' کو پہلے لوں گا،اس کے بعد اگر آپ کے کوئی اور ایشوز ہوں تو 'کوئسچنز آور' کے بعد ہم لیں گے ان کو۔

ذاتی وضاحت

سینئیر وزیر(صحت): ٹھیک ہے جی۔ مهربانی جناب سپیکر صاحب۔ زه جی یو خبره، ټول هاؤس ناست دے او Clarity راوستل غواړم او زه بیا به ستاسو نه په هغې باندې بلکه د دې ټول هاؤس نه، چې دې هاؤس کښې څومره ممبران ناست دی، ټول قابل عزت دی، د هغوی یو مقام دے او په خپل محنت دې ځائې ته رارسیدلی دی Including me، زما هم یو عزت دے خو پرون په ټی وی کښې ما پسې چلیدلی دی، زما په نوم باندې محمود جان چلولی دی، د دې هاؤس ممبر دے او زه ئے ډیر Respect کوم خو زما هم هغه هومره Respect دے چې یره په نوکرو کښې د پینځلس زرو نه تر شل زرو روپو پورې اخستلې کیږی، نو زه دا خبره کوم چې په هغې کښې د کمیټۍ جوړه شی، که ثابت شو زه ګناهګار، استعفیٰ به ورکوم خو که ثابت نشو نو بیا چې چا الزام لګولے دے، د هغه د پاره به څه سزا وی؟ (تالیاں) هغه سره به بیا تاسو څنګه قسمه Treatment کوئ؟ دا خو څه طریقه نه ده کنه، د هر سړی یو عزت دے، یو مقام دے، یو پروګرام دے، زما Integrity، زما په Integrity باندې کوئسچن Raise شوے دے او دا Tolerate کیدې نشی جناب سپیکر صاحب! او زه خپل که تاسو کمیټۍ نه جوړوئ او انکوائری نه کوئ نو ما ته نورې قانونی لارې معلومې دی، زه به بیا هغه اختیاروم But I need to know چې دا په کوم بنیاد باندې وئیلې شوی دی، زما ډیپارټمنټ دے او زه ئے Answerable یم، Proven, I will resign, if not proven then who so ever has blamed me for something, he should be held responsible، هغه له به څه سزا وی، دا خو څه طریقه نه ده جی----

جناب سپیکر: شکریه جی۔

سینیئر وزیر (صحت): چې اودریږی او هر سړے به دغه کوی، تاسو کمیټی اعلان کړئ جناب سپیکر صاحب! زه داسې نه کښېنم-----

جناب سپیکر: شکریه، شکریه جی۔

سینیئر وزیر (صحت): نه نه کمیټی به اعلان کوئ، You have to announce a Committee، داسې خو-----

جناب سپیکر: دیکھیں، میں-----

سینیئر وزیر (صحت): زما ذات سره Related خبره ده، ولې پیسو باندې خبره کیږی چې یره ما پیسې اخستې دی یا زما ډیپارټمنټ کښې، بس ثابت د کړی، زه تابعداریم او خیبر پښتونخوا باندې چلیدلی دی جناب سپیکر! (تالیاں)

جناب محمود جان: جناب سپیکر صاحب! زه وضاحت کوم-----

جناب سپیکر: آپ بیٹھ جائیں جی، آپ بیٹھ جائیں، میں اس میں تھوڑی وضاحت کرتا ہوں، دیکھیں محمود جان! کښېنه ستا خبره کوم کنه، ته پریږده، ستا خبره، کښېنه، ته کښېنه، ته کښېنه، زه خبره کوم۔

جناب محمود جان: سپیکر صاحب! زه خبره کوم ما-----

جناب سپیکر: دیکھیں جی، کمیٹی اس چیز کی بن جاتی ہے، اگر کوئی اسمبلی میں الزام لگے، اسمبلی میں اس قسم کا کوئی الزام نہیں لگا ہے، اگر باہر لگا ہے تو وہ گورنمنٹ کا کام ہے، ہم وہ نہیں کر سکتے، میں، چونکہ ابھی 'کوئسچنز آور' شروع ہو رہا ہے اور کل جو عاطف خان ایجوکیشن کے-----

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب محمود جان: سپیکر صاحب! ما له موقع راکړه چې وضاحت اوکړم، دا خو-----

جناب سپیکر: ناں ناں، آپ بیٹھ جائیں، بس ہو گیا جی، دیکھو اس طرح بات نہیں ہو سکتی ناں جی۔

جناب محمود جان: په دې خبره کول ضروری دی، ما له وخت راکړه-----

جناب سپیکر: محمود جان! تا له درکوم۔

جناب محمود جان: دا سې خو نه ده کنه سپیکر صاحب! زما جواب به هم اؤری، ما له موقع را کړه چې زه وضاحت او کړم۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: محمود جان! محمود جان! آپ کو میں بعد میں موقع دوں گا، آپ کو میں بعد میں موقع دیتا ہوں۔

جناب محمود جان: زما وضاحت ضروری دے، زه لږه خبره کوم۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: محمود جان! محمود جان!

جناب محمود جان: ما غلط کار کړے دے هغه وائی، ما دا وئیلی دی چې د دس نه واخله تر پندره هزار پورې د هغوی تنخواه ده نو هغه به پکښې څنګه Manage کوی؟ لکه دا ما نه دی وئیلی چې کوم ډاکټران، چې (شور) تنخواه وی، زه دا وایم چې دس نه پندره هزار پکښې د هغه تنخواه ده او هغه به دیکښې څنګه Manage کوی او زه صرف دا خبره کوم جی۔

جناب سپیکر: اوکے، اوکے۔

سینئیر وزیر (صحت): بس اوس کلیئر شو۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، اوکے۔

جناب محمود جان: نو غلط دغه د نه کیږی جی۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور'، مفتی سید جانان، 2155۔ 'کوئسچنز آور'، جو کل کے کوئسچنز ہم نے پینڈنگ رکھے تھے، ان کو لیتے ہیں۔

* 2155 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر اطلاعات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سرکاری اشتہارات قومی جریدوں (اخباروں) کو دینے کا طریقہ کار موجود ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ موجودہ حکومت نے سرکاری اشتہارات چند ایک اخباروں کو دینے کے علاوہ باقی اخباروں کو محروم رکھا ہوا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سابقہ حکومت اور موجودہ دور حکومت میں سرکاری اشتہارات دینے کا طریقہ کیا رہا ہے، کونسے اخبارات کو زیادہ اشتہارات دیئے جاتے ہیں اور کن کن اخباروں کو محروم رکھا گیا، وجوہات بتائی جائیں؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر اطلاعات): (الف) جی ہاں۔

(ب) نہیں۔

(ج) سرکاری محکموں کے اشتہارات اخبارات میں اشاعت کی غرض سے حکومت کی اشتہارات پالیسی 2009 کے تحت دیئے جاتے ہیں۔ اخبارات واشتہارات ٹارگٹ ایریا کو مد نظر رکھ کر دیئے جاتے ہیں تاکہ بھرپور تشہیر کے ذریعے مطلوبہ مقاصد کو حاصل کیا جاسکے۔ اشتہارات کا قومی اخبارات میں اشاعت کے علاوہ صوبائی اور مقامی سطح پر اشتہار کی تشہیر کے ساتھ ساتھ ایسے اخبارات کی حوصلہ افزائی اور سرپرستی کرنا بھی مقصود ہے جو نہ صرف تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار کے مواقع فراہم کرتے ہیں بلکہ شعبہ صحافت میں نئے داخل ہونے والے افراد کی تربیت گاہ کا کام بھی کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ نیشنل اور صوبائی سطح کے اخبارات کو ان کی سرکولیشن کے مطابق زیادہ اور لوکل، ریجنل کو ان سے کم اشتہارات دیئے جاتے ہیں جو اخبارات صوبائی میڈیا لسٹ پر ہیں، ان تمام کو ان کی سرکولیشن کے مطابق اشتہارات جاری کئے جاتے ہیں بشرطیکہ اگر ریگولر شائع ہو رہے ہوں۔

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! دیکښې خو ما ځنې خبرې دلته اؤریدلې وې، په هغه بنیاد باندې ما دا کوئسچن راوړے وو او ما د اخبارونو نومونه غوښتی وو چې کوم کوم اخبارونو۔۔۔۔

جناب سپیکر: (اراکین اسمبلی سے) آپ مہربانی کریں جی، ہاؤس کے ڈیکورم کا خیال رکھیں آپ لوگ، یہ دیکھیں مہربانی کریں، یہ حجرہ نہیں ہے، یہ اسمبلی ہے، پلیز۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب! ما د اخبارونو نومونه غوښتی وو چې کوم کوم اخبارونو ته تاسو اشتهارات ورکوئ او کوموته نه ورکوئ، هغه تفصیل ئے

دیکښې جناب سپیکر صاحب! نه دے راکړے او بل چې د کومو خلقو د لته رسیدل وی، هغه خلقو ته دا اشتهارات ملاویږی، علاقائی چې کوم اخبارات وی، هغه اخباراتو ته دا اشتهارات نه ملاویږی۔ زما به دا گزارش وی، دا د ټولو حق دے، د ټولو اخبارونو حق دے چې ځوک د حکومت د رولز مطابق وی، هغه ټولو اخباراتو ته اشتهارات ملاویدل پکار دی، زما به دا گزارش وی چې دا د سټینډنګ کمیټئ ته لاړ شی او هلته مطلب دا دے وربانديې بحث د اوکړے شی۔

جناب سپیکر: منسٹر انفارمیشن!

جناب عبدالستار خان: سپلیمنٹری۔

جناب سپیکر: جی جی، عبدالستار۔ سپلیمنٹری، یہ سپلیمنٹری کو کُسچن کر رہے ہیں، ستار صاحب۔

جناب عبدالستار خان: سر! یہ سوال نمبر 2155، اس پر میرا سپلیمنٹری کوئسچن ہے کہ اس میں Categorization of advertisements, Newspapersاس کا معیار کیا ہے کہ لوکل جو نیوز پیپرز ہیں، ہمارے ہزارہ میں زیادہ تران کی یہ شکایت رہی ہے کہ ہمارے ساتھ انصاف نہیں ہو رہا ہے، اس سے اشتہارات دینے کا معیار کیا ہے؟ اس پالیسی کی تھوڑی وضاحت ہو جائے تو یہ وزیر صاحب ذرا وضاحت کریں تو مہربانی ہو گی ان کی۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی، رشاد صاحب! آپ نے ٹائم کا بھی خیال رکھنا ہے کیونکہ کل والے سارے۔۔۔۔۔

راجہ فیصل زمان: چھوٹا سا سوال ہے سر۔

جناب سپیکر: جی جی، فیصل صاحب۔

راجہ فیصل زمان: میرا یہ سوال منسٹر صاحب سے ہے، میں نے عموماً دیکھا ہے کہ پشاور کی سکیمیں میرے اخبار میں آتی ہیں تو وہاں کے لوگوں کو کیسے پتہ لگتا ہے کہ یہ سکیمیں ہماری ہیں اور ان ٹھیکیداروں کو کیسے پتہ لگتا ہے؟ تو یہ ایک عجیب سی بات ہے کہ چارسدہ کی سکیم ہمارے لوکل اخبار میں آتی ہے حتیٰ کہ وہاں کے لوکل اخباروں کو، یہاں کے لوکل اخباروں کو دینی چاہیئے، نوشہرہ کے لوکل اخباروں کو دینی چاہیئے نہ کہ ہمارے لوکل اخباروں کو، ہماری سکیمز ادھر Reflect ہوں، وہ بھی ٹھیک نہیں ہے۔

جناب سپیکر: جی رشاد خان!

جناب محمد رشاد خان: جناب سپیکر صاحب! یہ جواب بڑا دلکش ہے، تعلیم یافتہ نوجوانوں کو روزگار دینا وغیرہ وغیرہ لیکن سوال یہ ہے کہ کن کن اخبارات کو اشتہارات دیئے جاتے ہیں، کسی اخبار کا نام نہیں ہے، پتہ نہیں کس چیز کی پردہ داری ہے؟ تو برائے مہربانی میں بھی محرک کو سپورٹ کروں گا، اس کو کمیٹی میں بھیجا جائے تاکہ پتہ چل سکے کہ کن اخبارات کو اشتہارات ملتے ہیں، کس طریقے سے ملتے ہیں؟

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر اطلاعات): سوال نمبر 2155 ہے نا؟

جناب سپیکر: جی جی، مشتاق غنی۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر! 2009 کی انفارمیشن ڈیپارٹمنٹ کی پالیسی ہے اشتہارات کے سلسلے میں اور اس کے مطابق کیٹگریز بنائی گئی ہیں اخبارات کی، اس کے مطابق ان کو اشتہارات دیئے جاتے ہیں اور اس میں نیشنل، پراونشل اور ریجنل نیوز پیپرز Identify کئے گئے ہیں کہ نیشنل نیوز پیپرز کونسے ہیں، پراونشل کونسے ہیں اور پھر جو ریجنل ہیں، وہ کونسے ہیں اور جو بھی ایڈورٹائزمنٹ ہوتی ہے، اس کے مندرجات کو مدنظر رکھ کر یہ فیصلہ کیا جاتا ہے کہ یہ نیشنل میں جانا چاہیئے، پراونشل میں جانا چاہیئے یا ریجنل پہ جانا چاہیئے، تو اس میں Circulation based ہوتا ہے اور اس میں اگر لسٹ نہیں ہے تو میرے پاس تو خیر لسٹ موجود ہے ان اخبارات کی جن کو اشتہارات جاری کئے گئے ہیں، اگر موؤر میرے ساتھ بیٹھ جاتے ہیں تو I am hopeful کہ میں ان کو Satisfy کر سکتا ہوں کہ کن کن اخبارات کو کتنے کتنے اشتہارات اس سال کے اندر، اس مہینے کے اندر یا اس پورے سال کے اندر جاری کئے گئے۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی مفتی صاحب۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر! اس سوال میں یہ صاف صاف لکھا ہوا ہے کہ آیا یہ بھی درست ہے، یہ بھی درست ہے کہ موجودہ حکومت نے سرکاری اشتہارات چند ایک اخباروں کو دینے کے علاوہ باقی اخباروں کو محروم رکھا ہوا ہے؟۔نیچے، اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سابقہ حکومت اور موجودہ دور

حکومت میں سرکاری اشتہارات دینے کا طریقہ کیا رہا ہے؟ یہاں تک تو صحیح ہے، کونسے اخبارات کو زیادہ اشتہارات دیئے جاتے ہیں اور کن کن اخباروں کو محروم رکھا گیا، وجوہات بتائی جائیں؟ میں منسٹر صاحب سے یہ گزارش کرتا ہوں کہ مجھے وہ نام بتادیں کہ کون کونسے اخبارات کو وہ اشتہارات دیتے تھے اور کن کن وجوہ پہ وہ دیتے ہیں، ان کی ترجیحات کیا ہیں؟

جناب سپیکر: جی مشتاق صاحب!

وزیر اطلاعات: جی، میں نے جیسے پہلے عرض کیا کہ یہ انفارمیشن پالیسی کے تحت اشتہارات جاری کئے جاتے ہیں، یہ ڈیٹیل ہے، میرے پاس تو بہت لمبی، اسی لئے میں نے کہا ہے کہ یہ میرے ساتھ بیٹھ جائیں، میں ان کو یہ لسٹ شیئر کر لیتا ہوں، یہ اس کو دیکھ لیں And I hope کہ میں ان کو مطمئن کر سکتا ہوں کہ میرے پاس وہ لسٹ موجود ہے کہ جیسے 'آج' پشاور ہے تو اس کو کتنے سنٹی میٹر ایشو کیا گیا ہے، 'آج' کمبائنڈ کو کتنا ایشو کیا گیا ہے، دوسرے جو اخبارات ہیں، 'آئین' ہے پشاور کا اخبار ہے، 'اخبار شہر'، 'اخبار خیبر'، تو ایک لمبی چوڑی لسٹ ہے۔ مفتی صاحب سے میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ میرے ساتھ بیٹھ کر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب کو ہم بھی ریکویسٹ کریں گے لیکن اس میں ایک "لیکن" ہے کہ آپ ریجنل نیوز پیپرز کو بھی موقع دیں کیونکہ ہمیں بھی کچھ اس قسم کی Complaints ملی ہیں کہ ریجنل نیوز پیپرز کو بھی ایڈجسٹ کیا جائے تاکہ اس کی وہ۔۔۔۔۔

وزیر اطلاعات: جناب سپیکر! ریجنل میں ایک ایشو یہ ہے کہ بعض اخبارات نام کے تو اخبارات ہیں لیکن ایک دو سو کاپی سے زیادہ ان کی کاپیاں ہی نہیں ہوتیں، جو ادھر ڈائریکٹوریٹ میں بھی وہ کاپی ہمارے پاس نہیں آتی لیکن جن کی Circulation ہے Reasonable اور ان کو اس حساب سے حصہ بقدر جثہ وہ ان کو ملتا ہے سر۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! تھیک دہ جی کنہ؟

مفتی سید جانان: خبره جی نوره تھیک ده۔

جناب سپیکر: ستا بل کوئسچن دے، گوره زر زر به دغه کوؤ چې نور مخکښې ځو۔

مفتی سید جانان: علاقائی اخبارونو ته چې دا منسټر صاحب لږه ترجیح ورکړی، هغه د محروم نه ساتی، نور به ان شاء الله مونږ خپل مینځ کښې کښېنو که خدائے اوکړی۔

جناب سپیکر: ٹھیک دہ جی۔ 2184، سید جعفر شاہ صاحب، (موجود نہیں) جناب صالح محمد صاحب، کوئسچن نمبر 2211۔

* 2211 _ جناب صالح محمد: کیا وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ صوبائی محتسب کی سالانہ رپورٹ 2013 میں صوبہ کے مختلف اضلاع میں بھوت سکولوں کی نشاندہی کی گئی اور ساتھ ہی ساتھ متعلقہ اہلکاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کی بھی سفارش کی گئی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) ایسے تمام بھوت سکولوں کی ضلع وائز تفصیلات فراہم کی جائیں، نیز اس گھناؤنے جرم میں ملوث اہلکاروں اور افسران کے خلاف کیا تادیبی کارروائی کی گئی ہے، تفصیلات فراہم کی جائیں؛

(ii) محکمہ نے اس کی روک تھام کیلئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں، تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، جزوی طور پر درست ہے۔

(ب) (i) ضلع ڈی آئی خان میں صرف ایک بھوت سکول جی پی ایس نمبر 1 جھوک موہانا پایا گیا ہے جبکہ ضلع ہری پور میں جی جی ایم ایس کالینجر جو کہ اب گرلز ہائی سکول ہے، میں 230 کے لگ بھگ طالبات زیر تعلیم ہیں اور انصر جبین اس سکول کی ہیڈ مسٹریس ہیں اور تعلیمی سرگرمیاں جاری ہیں۔ صوبائی محتسب نے جرم میں ملوث اہلکاروں کا کیس محکمہ انٹی کرپشن کو بھیج دیا ہے۔

(ii) محکمہ نے ایسے جرائم کو روکنے کیلئے ضلعی افسران کو ہدایت دی ہے کہ ایسے جرائم کا کھوج لگائیں اور متعلقہ اہلکاروں کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کرے، نیز محکمہ نے ایسے جرائم کی روک تھام کیلئے IMU کو قائم کیا ہے۔

جناب صالح محمد: جناب سپیکر! میرا کوئسچن بھوت سکولوں کے متعلق ہے اور جو اس کا جواب آیا ہے، میں اس جواب سے مطمئن ہوں۔

جناب سپیکر: جواب سے مطمئن ہیں۔ کوئسچن نمبر 2185، سید جعفر شاہ، (موجود نہیں)۔ کوئسچن نمبر 2231، محترمہ نجمہ شاہین۔

* 2231 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع کوہاٹ کے پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولز میں لیٹرین اور فرنیچر موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو جن جن سکولوں میں لیٹرین اور فرنیچر نہیں ہیں، ان کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے، نیز حکومت سال 15-2014 میں مذکورہ سکولز میں لیٹرین بنانے اور فرنیچر خریدنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں، جزوی طور پر درست ہے۔

(ب) ہر سکول (زنانہ) میں لیٹرین موجود ہے اور فرنیچر کی مد میں پرائمری سکولز کیلئے مبلغ -/333332 روپے جبکہ مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولز کیلئے مبلغ -/633332 رقم مختص کی گئی ہے جبکہ مردانہ سائڈ پر مندرجہ ذیل سکولوں میں لیٹرین موجود نہیں ہے:

(1) جی پی ایس لال گڑھی (2) جی پی ایس مندوری نمبر 2 (3) جی پی ایس جلال آباد (4) جی پی ایس بڑھ (5) جی پی ایس شیخانو بانڈہ (6) جی پی ایس سنڈا فتح خان (7) جی پی ایس ڈاکٹر بانڈہ نمبر 1۔ اسی طرح فرنیچر کی مد میں مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولز (مردانہ) کیلئے مبلغ -/29,00000 روپے اور پرائمری سکولز (مردانہ) کیلئے مبلغ -/13,00000 روپے مختص کئے گئے ہیں جبکہ حکومت نے سال 15-2014 میں مذکورہ سکولز میں لیٹرین بنانے اور فرنیچر خریدنے کیلئے مبلغ -/8,72,60000 روپے مختص کئے ہیں اور مزید بجٹ بھی زیر غور ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ یہاں پر میں نے سکول کے بارے میں کوئسچن کیا ہے، جہاں کے کئی سکولوں میں بتایا گیا ہے کہ وہاں پر لیٹرین موجود نہیں ہیں اور اسی طرح فرنیچر کا بھی بتایا گیا ہے۔ جناب سپیکر صاحب! یہاں اماؤنٹ بتائی گئی ہے کہ اتنی اتنی رقم مختص کر دی گئی ہے تو کیا جناب! مجھے منسٹر صاحب یہ بتائیں گے کہ اس کا کوئی وہ ہے کہ اس کو کبھی چیک انہوں نے کیا ہے

کہ یہ جو مختص کردی جاتی ہے،اس کو یہ لگایا جارہا ہے کہ نہیں؟ جبکہ ایمرجنسی مقرر کردی گئی ہے ان لوگوں نے اور اس کے باوجود جو ہے تو وہ کہیں پر لیٹرین نہیں ہے، کہیں سکولوں میں چھت نہیں ہے، کہیں کیا چیز نہیں ہے، تو کب تک اس کو یہ لوگ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں؟

جناب سپیکر: جی عاطف خان!

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ہاں جی، بخت بیدار صاحب! فرمائیں، سپلیمنٹری۔

جناب بخت بیدار: زه ورسره اضافي تپوس د وزير تعليم صاحب نه ستاسو په تهرو کومه چې زمونږ طرف ته ډير زيات مکتب سکولونه دي چې هغه په جماتونو کښې دوه سوه او درې سوه واړه سبقونه وائی، آيا د حکومت دغه طرف ته څه خيال شته چې هغوی له پاخه بلډنګونه ورکړی يا پخې پرائمری ورکړی، دغه مهرباني به وی۔

جناب سپیکر: جی عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ پہلے تو میں بی بی کی Explanation، سوال کا جواب دوں گا کہ حقیقت ہے کہ سکولوں میں فرنیچر بہت کم ہے اور Basic missing facility جس میں ٹائلٹس بھی آتے ہیں، وہ بھی کم ہیں۔ ہم نے اس دفعہ اڑھائی ارب روپے رکھے تھے فرنیچر کیلئے، فرنیچر کی Purchase کیلئے کہ اڑھائی ارب روپے کا ہم فرنیچر Provide کریں گے تقریباً پانچ ہزار سکولوں کو لیکن بد قسمتی سے جو سکول میں واقعہ ہوا آرمی پبلک سکول کا، تو اس کی وجہ سے سیکورٹی Main concern بن گیا ہے، باقی ساری چیزیں تھوڑی سی بیک گراؤنڈ میں چلی گئی ہیں تو اس دفعہ ہم پچاس کروڑ روپے کا صرف فرنیچر لیں گے، باقی جو اڑھائی ارب روپے ہیں، اس میں سے دو ارب روپے ہم Security related جو چیزیں ہیں، چاہے وہ باؤنڈری والز ہیں، چاہے جو بھی چیزیں ہیں، اس کیلئے ہم نے پہلی Priority وہ رکھی ہے اور فرنیچر کو اللہ کرے کہ اگلے سال میں، پھر اگلے سال میں پورا کریں گے لیکن ہم نے فرنیچر کو پورا کرنے کیلئے اڑھائی ارب روپے رکھے تھے جس میں سے ابھی ہم صرف پچاس کروڑ کا لیں گے، باقی دو ارب روپے ہم Security related چیزوں پر لگائیں گے، پھر اس کے بعد جو انہوں

نےBasic missing facilityکی بات کی،دو ارب روپے ہیں کنڈیشنل گرانٹ کے جن میں ٹائلٹس اوراس طرح کیClean drinking waterکیFacilityہے،اس کو بھی ہم نے انسٹرکشن یہ دی ہے کہ اس کو بھیSecurity related issues کوPriorityدی جائے۔اب یہ مجھے بھی پتہ ہے کہ اگر سکولوں کی دیواریں ہم بنادیں اوراندراس کے ٹائلٹ نہ ہو،کلاس رومز نہ ہوں،پینے کا صاف پانی نہ ہو تو مسئلہ تواد ھر ہی ہو گا لیکن مجبوری یہ ہے کہ اس وقت سیکورٹی ایک اتناMain issueرہ گئی ہے،بن گئی ہے کہ ہمارے ٹوٹل ساڑھے چار ہزار سکولوں کی باؤنڈری وال ہے ہی نہیں، ساڑھے چار ہزار سکولوں کی باؤنڈری وال نہیں ہے تواس کیلئے ہمیں چھ ارب روپے کی ضرورت تھی تو دو ارب روپے ہم نے وہاں سے کاٹے ہیں فرنیچر سے، کچھ ہم نے یہ کنڈیشنل گرانٹ سے اور تین ارب روپے ہم باقی چیزوں سے ڈیپارٹمنٹ میںReappropriationکر کے ان شاءاللہ تعالیٰ کوئی پانچ ارب چھ ارب روپے کی کوشش کر رہے ہیں کہ اس سے ہم، یہ پہلے باؤنڈری وال کا کام کمپلیٹ کر لیں اور کوشش کر لیں کہ Hundred percent یہ ہمارے ساڑھے چار ہزار جو سکولز ہیں جن کی باؤنڈری وال نہیں ہے، ان کو کریں تو باقی ٹائلٹس کا، ان چیزوں کا بھی کر رہے ہیں لیکن پرابلم میں نے آپ کو بتایا کہ سیکورٹی کا اتناMain issueبن گیا ہے، اگر وہ نہ ہوتا تو یہ ساری چیزیں دو ارب یا اڑھائی ارب یہ سارے ٹائلٹس پر لگنے تھے، فرنیچر پر لگنے تھے لیکن ابھی ہماریMainتوجہ اس وقت جو ہے، وہ باؤنڈری وال پر ہے تو یہ کام بھی ہو رہا ہے، ساتھ میں ہو رہا ہے اور جو آپ نے بات کی کہ جی چیک کیا جاتا ہے یا نہیں کیا جاتا؟ ابھی ہم نے مانیٹرنگ ٹیم کی بھی ڈیوٹی لگادی ہے کہ جو فرنیچرPurchaseہو گا، اس کی آگے سےVerificationمانیٹرنگ ٹیم والے بھی کریں گے، باؤنڈری وال کا بھی جہاں پر کام ہو رہا ہے، جہاں پر فرنیچرEquipہو رہا ہے، تو کافی ہم نے کوشش کی ہے کہ بہتری لائیں لیکن جیسے آپ کو خود پتہ ہے کہ اتنی حالت اتنے عرصے سے اتنے مسئلے مسائل ہیں کہ وہ اتنی جلدی سے حل نہیں ہوں گے لیکن بہتری کی طرف جا رہے ہیں ان شاءاللہ تعالیٰ۔

محترمہ نجمہ شاہین: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ نجمہ شاہین: بہر حال میرے خیال میں اس میں بنیادی چیز جو ہے تو وہ سکول میں لیٹرین ہی ہے، ویسے بھی گورنمنٹ سکولوں کا کیا حال ہے؟ یہ تو آپ کو اور جو یہ ایسے علاقے ہیں جہاں پر یہ لوگ رخ بھی نہیں کرتے ان سکولوں میں جانے کا اور جو تھوڑے سے لوگ اس طرف متوجہ ہوتے ہیں جانے کیلئے تو وہ اس وجہ سے نہیں جاتے کہ یہاں اگر لیٹرین موجود بھی ہے تو پانی نہیں ہوتا وہاں پر، پانی موجود نہیں ہوتا تو اس کیلئے۔۔۔۔

جناب سپیکر: عاطف خان! یہ جو بات کر رہی ہیں، اس میں آپ Kindly ایک انسٹرکشن ایشو کریں اپنے ڈیپارٹمنٹ کو کہ ٹائم لائن کے ساتھ ہو، جتنے بھی کام ہوں نا، تاکہ وہ ٹائم پہ پورے ہوں۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جی میں Agree کرتا ہوں میڈم سے، وہ صحیح کہہ رہی ہیں کہ ٹائلٹس بہت ضروری چیز ہے، سکول میں Obviously جب ٹائلٹس نہیں ہوں گے تو ہمارے، میں نے جیسے بتایا کہ وہ سیکورٹی کی وجہ سے اتنا ایک Main concern بن گیا ہے، ابھی بھی اخبار میں کبھی کبھار تصویر آتی ہے کہ جی فلاں سکول ہے، اس کی باؤنڈری وال نہیں ہے، ساڑھے چار ہزار سکولوں کی باؤنڈری وال نہیں ہے تو ہم نے اس کو بھی توجہ دینی ہے، مطلب میں یہ مانتا ہوں کہ اگر ہم پوری باؤنڈری وال بنا دیں اور سکولوں کے اندر کچھ نہ ہو تو دیواریں تو نہیں پڑھا سکتیں، Obviously بچوں کو ٹائلٹ بھی چاہیئے، ان کو کلاس رومز بھی چاہیئے، ان کو فرنیچر بھی چاہیئے لیکن Priority اس وقت، چونکہ باؤنڈری وال بن گئی ہے تو اس وجہ سے Main توجہ اس کی طرف ہے اور باقی چیزیں تھوڑی سی 'بیک گراؤنڈ' میں چلی گئی ہیں تو اللہ کرے کہ سیکورٹی کی سیچویشن تھوڑی بہتر ہو، یہ باؤنڈری وال اور ان مسئلوں سے تھوڑے بہت وہ ہوں گے تو یقیناً Priority ہے، ٹائلٹس بھی Priority ہیں، Clean drinking water بھی Priority ہے، فرنیچر بھی Priority ہے۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے کچھ فنڈز ایشو بھی کئے ہیں، وہ پی ٹی ایز کیلئے۔

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: یہی میں آپ کو بتا رہا ہوں کہ جو کنڈیشنل گرانٹ کے پیسے تھے دو ارب روپے، وہ ہم نے ایشو کر دیئے ہیں لیکن اس میں مسئلہ یہ ہے کہ ہم نے یہ کہا ہے کہ Main concern، اس میں Main، اس میں آپ زیادہ شیئر سیکورٹی کی Related چیزوں کو دے دیں، اس میں Raising

of boundary wall بھی ہے، کانٹدار تار بھی ہے اور باؤنڈری وال بنانا بھی ہے، تو یہ اس میں ایک ایشو ہے، مطلب آپ خود جانتے ہیں کہ یہ ساری چیزیں ضروری ہیں لیکن سیکورٹی بھی ضروری تھی، اس وجہ سے تھوڑا بہت پرابلم ہو رہا ہے۔

جناب سپیکر: اوکے، اوکے، ٹھیک ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: جی اوکے۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی بخت بیدار صاحب! تا خبره اوکړه خو کوئسچنز ډیر پاتې دی، بس، پلیز۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب! دوئ پخپله وائی چې د باؤنډری وال مسئله ده، زه وایم چې مکتب سکول کښې دوه درې سوه واړه په جمات کښې ناست وی، د هغوی د سیکورټی څه بندوبست کوئ که نه کوئ؟

جناب سپیکر: جی عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: بنه جی، دوئ، بخت بیدار د سکول، دا تقریباً 1700 دی، دې ته سنګل ټیچر سکول هم وائی او په جماتونو کښې وی، مکتب سکول یا مسجد سکول ورته وائی، هغه د حکومت دا Priority ده او دا یو پالیسی ده چې هغه مونږه چینج کړو ریګولر سکولز ته چې کوم ځائې کښې هغه دی خو هغه اولس سوه دی نو اولس سوه خو په کال یا په دوه کښې نشی کیدې، هر کال هغه مونږه د هغې څه Certain numbers دی، هغه مونږه هر کال چینج کوؤ او هغه ریګولر سکولونو ته اړوؤ نو چې ریګولر سکول ته واؤړی، هغه ټیچر هم ریګولر سکول ته واؤړی، Obviously د هغې به بلډنګ هم وی، د هغې به ټیچر هم وی، د هغې به باؤنډری وال هم وی، هر څه وی خو دغه یو Concern دے او پالیسی دا ده چې هغه مونږه Convert کوؤ ریګولر سکولز ته، نو فی الحال۔۔۔۔

جناب سپیکر: ٹھیک ہے جی۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی، ٹائم شارٹ ہے، ہم نے ٹائم کو بھی دیکھنا ہے، کوئسچنز کافی پڑے ہیں۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر! دا اهم مسئله ده۔

جناب سپیکر: اس کے بعد آپ کر لیں۔ نجمہ شاہین کا کوئسچن نمبر 2232۔

* 2232 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) حال ہی میں ضلع کوہاٹ میں کلرکوں کے تبادلے کئے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع کوہاٹ میں کئے گئے تبادلوں کی تفصیل بمعہ مروجہ پالیسی فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) ضلع کوہاٹ میں کئے گئے تبادلوں کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

محترمہ نجمہ شاہین: میرے اس کوئسچن نمبر 2232 میں پوچھا گیا ہے کہ یہ تبادلے جو کئے گئے ہیں تو یہ کوہاٹ میں ایجوکیشن آفس ایک ہی موجود ہے اور وہ بھی میل اور فیمیل کا ہے تو اسی میں تبادلے کئے گئے ہیں، یعنی یہ کہ اوپر کی بلڈنگ سے اتار کے نیچے اس کو ٹرانسفر کر دیا گیا ہے اور ایک آفس سے دوسرے آفس میں منتقل کر دیئے گئے اور یہ تبادلے بھی سیاسی بنیادوں پر کئے گئے ہیں۔

جناب سپیکر: جی، عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: اس کے ساتھ جو پالیسی ہے، وہ تو Attached ہے، میں دیکھ لیتا ہوں کہ اگر اس پالیسی کی کوئی خلاف ورزی ہوئی ہے، ابھی اگر دو بلڈنگز ہیں، میل اور فیمیل میں ہے تو انسٹرکشن یہ تھی کہ ایک جگہ پر جو بہت ٹائم سے کلرکس ہیں اور سٹاف ہے جو کہ پانچ سال سے دس سال سے پندرہ سال سے ایک جگہ پر ٹکا ہوا ہے تو ہم نے کہا تھا اس کو چینج کر دیں ایک دفتر سے دوسرے دفتر یا ایک دفتر سے سکول یا سکول سے دفتر میں شفٹ کر دیں۔ تو میں دیکھ لیتا ہوں کہ اگر کوئی بھی ان کے Concerns ہیں، میں Specifically کوہاٹ کا دیکھ لیتا ہوں، کچھ کلرکس ہوں گے، اگر کوئی Political base پر ہیں یا کوئی اور مسئلہ ہے تو اس کو حل کر لیں گے ان شاءاللہ تعالیٰ۔

جناب سپیکر: (محترمہ نجمہ شاہین سے) ٹھیک ہے؟

محترمہ نجمہ شاہین: ٹھیک ہے جی۔

جناب سپیکر: اوکے، کوسچن نمبر 2233، نجمہ شاہین۔

* 2233 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) گزشتہ پانچ سالوں میں ضلع کوہاٹ میں پرائمری، مڈل، ہائی اور ہائر سیکنڈری سکولز تعمیر کئے گئے ہیں؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ سکولوں میں کئی سکولوں کی ایس این ای منظور ہو چکی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ضلع کوہاٹ میں کل کتنے نئے سکولز تعمیر کئے گئے ہیں، ان میں کتنے سکولوں کی ایس این ای منظور ہوئی اور کتنے سکولوں کی باقی ہے، تفصیل فراہم کی جائے، نیز جن جن سکولوں کی ایس این ایز منظور نہ ہونے کی وجہ سے سکولز کی عمارتیں خراب ہو رہی ہیں، ان کی الگ تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب محمد عاطف (وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے۔

(ج) ضلع کوہاٹ میں مردانہ سائڈ پر کل نئے تعمیر شدہ سکولوں کی تعداد سات ہے۔ جن سکولوں کی ایس این ایز منظور ہو چکی ہیں، ان کی تعداد چھ ہے جن میں (1) گورنمنٹ مڈل سکول علیزئی (2) گورنمنٹ مکتب پرائمری سکول سپیلنو بانڈہ (3) گورنمنٹ پرائمری سکول زڑہ میلہ جرما (4) جی ایچ ایس چشمہ مٹھا خان (5) جی ایچ ایس ایس مندوری (6) جی ایم ایس پکاٹوپی کی اپ گریڈیشن ٹوہائی جبکہ جی ایم پی ایس محلہ کاریگران توغ بالا کی لینڈر یلیکسیشن پراسیس میں ہے۔ زنانہ سائڈ پر پرائمری آٹھ، مڈل سات، ہائی آٹھ جبکہ ہائر سیکنڈری تین سکولز تعمیر ہو چکے ہیں۔ جن سکولوں کی ایس این ای منظور ہو چکی ہے، ان میں پرائمری چھ، مڈل پانچ اور ہائی دو شامل ہیں جبکہ جن سکولوں کی ایس این ای منظور نہیں ہوئی، ان کی عمارتیں ابھی زیر تعمیر ہیں۔ صرف جی جی پی ایس عزیز آباد اور جی جی ایچ ایس ایس بیزادی کی ایس این ای حال ہی میں محکمہ خزانہ کو بالترتیب 02-01-2015 اور 27-01-2015 کو Submit کی جا چکی ہے جبکہ ایک پرائمری سکول کی

Site کی تبدیلی بھی منظور ہو چکی ہے اور ایک جی ایم ایس کی Administrative approval ابھی تک نہیں ہوئی ہے۔

محترمہ نجمہ شاہین: جی، یہ جو یہاں پر پوچھا گیا ہے بلکہ یہاں پر جو منظور شدہ ہو چکے ہیں سکولز یا وہ گورنمنٹ سکولز یا ہائی سکولز جو بھی ہیں، تو ان کو ابھی تک محکمہ کے حوالے نہیں کیا گیا ہے، وہ بلڈنگز جو ہیں تو کھنڈر بنتی جا رہی ہیں تو اس کیلئے میں آپ سے پوچھنا چاہ رہی ہوں کہ کب تک وہ محکمہ کے حوالے کئے جائیں گے؟

جناب سپیکر: جی عاطف خان!

وزیر برائے ابتدائی وثانوی تعلیم: جناب سپیکر! جو Sanctions ہیں کوہاٹ میں، وہ 33 ہیں، اس میں Completed SNEs جو ہیں، وہ 21 ہیں اور جو Completed Schools ہیں اور جن کو ایس این ایز ایشو نہیں ہوئیں، مطلب یہ کہ جس میں سٹاف نہیں ہے، سکول کمپلیٹ ہو گیا ہے لیکن اس میں صرف سٹاف نہیں ہے، وہ صرف ایک ہی سکول رہ گیا ہے، باقی تقریباً جتنے بھی ہیں، ان کا سٹاف ہو گیا ہے، ایک یہ مسئلہ پہلے میں نے بیان کیا تھا کہ ایس این ایز کا پرابلم ہوتا ہے، بعض اوقات اس کی Completion نہیں ہوتی سی اینڈ ڈبلیو ڈیپارٹمنٹ کی وجہ سے، واپڈا کی وجہ سے تو جب تک وہ Criteria پورا نہیں ہوتا تو ایس این ایز ایشو نہیں ہوتیں۔ میں صرف آپ کی تسلی کیلئے یہ بتا دیتا ہوں کہ یہ کام تیزی سے جاری ہے کہ پچھلے سال 14-2013 میں ٹوٹل پورے سال میں 247 سکولوں کی ایس این ایز ایشو ہوئی تھیں اور اس دفعہ 2014-15 سات مہینوں میں 511 ایشو ہو چکی ہیں تو اس ڈبل سے بھی زیادہ آپ یہ دیکھ لیں کہ تقریباً ڈبل کہ پورے سال میں 247 ایشو ہوئی تھیں اور اس دفعہ سات مہینوں میں 511 ایشو ہوئی ہیں، تو مزید ہم کوشش کر رہے ہیں کہ فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ کہ وہاں سے اگر ان کو کوئی ڈاکومنٹس چاہیئے ہوتے ہیں تو وہ ہم تیز کر رہے ہیں لیکن اس میں مختلف ڈیپارٹمنٹس کا، سی این ڈبلیو کا، واپڈا کا اور اس کی وجہ سے تھوڑی بہت دیر آ جاتی ہے تو اس میں ہم کوشش کر رہے ہیں، سپیڈ پکڑ لی ہے تو ان شاءاللہ تعالیٰ کوشش ہے کہ جلدی سے جلدی ہو جائے۔ شکریہ۔

جناب سپیکر: جی میڈم!

محترمہ نجمہ شاہین: ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: 'نیکسٹ'، کوئسچن نمبر 2243۔

* 2243 _ محترمہ نجمہ شاہین: کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کوہاٹ یونیورسٹی (KUST) کے ڈینز کیلئے کمپیوٹر لیپ ٹاپس خریدے گئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو کس کمپنی کے لیپ ٹاپس خریدے گئے ہیں، خریداری کیلئے اخباری اشتہارات اور مہیا کرنے والے کنٹریکٹرز کی لسٹ مہیا کی جائے، نیز جن ڈینز کو لیپ ٹاپس دیئے گئے ہیں، ان کی لسٹ بمعہ ڈیپارٹمنٹ مہیا کی جائے؟

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): (الف) جی ہاں، ڈینز کیلئے لیپ ٹاپس خریدے گئے ہیں۔

(ب) Dell کمپنی کے دو عدد لیپ ٹاپس خریدے گئے ہیں جو کہ PPRA رولز کی شق نمبر (i) (b) 42 کے تحت خریدے گئے ہیں۔ مذکورہ قانون کے تحت اخبار میں اشتہار دینے کی ضرورت نہیں، یہ لیپ ٹاپس ایم/ایس نیٹ ورک کمپیوٹرز کوہاٹ سے خریدے گئے ہیں، نیز یہ لیپ ٹاپس ڈین فیکلٹی آف فزیکل سائنسز اور ڈین فیکلٹی آف بائیولوجیکل سائنسز کیلئے خریدے گئے ہیں، مروجہ قانون کی کاپی درج ذیل ہے:

40. Limitation on negotiations.- Save as otherwise provided there shell be no negotiations with the bidder having submitted the lowest evaluated bid or with my other bidder:

Provided that the extent of negotiation permissible shall be subject to the regulations issued by the Authority.

41. Confidentiality.- The procuring agency shall keep all information regarding the bid evaluation confidential until the time of the announcement of the evaluation report in accordance with the requirements of rule 35.

42. Alternative methods of procurements.- A procuring agency may utilize the following alternative methods of procurement of goods, services and works, namely:-

(a) *Petty purchases*.- Procuring agencies may provide for petty purchases where the object of the procurement is below the financial limit of *twenty five thousand rupees. Such procurement shall be exempt from the requirements of bidding or quotation of prices:

Provided that the procuring agencies shall ensure that procurement of petty purchases is in conformity with the principles of procurement prescribed in rule 4:

Provided further that procuring agencies convinced of the inadequacy of the financial limit prescribed for petty purchases in undertaking their respective operations may approach the Federal Government for enhancement of the same with full and proper justifications.

(b) *request for quotations*.- A procuring agency shall engage in this method of procurement only if the following conditions exist, namely:-

(i) the cost of object of procurement is below the prescribed limit of *one hundred thousand rupees:

*Provided that the respective Boards of Autonomous bodies are authorized to fix an appropriate limit for request for quotations method of procurement subject to a maximum of rupees five hundred thousand which will become financial limit under this sub-rule:

---

*Amended vide Cabinet Division No.5/37/2005-M.III/Admn (PPRA),dated 13-12-2006

محترمہ نجمہ شاہین: یہ میرا کوسچن تھا کوہاٹ یونیورسٹی (KUST) کے بارے میں کہ وہاں ڈینز کیلئے لیپ ٹاپس مہیا کئے گئے ہیں تو جوانہوں ڈیٹیلز بتائی ہیں، یہ لیپ ٹاپس یہاں سے نہیں خریدے گئے اور یہ جو لیپ ٹاپس ہیں، یہ دبئی سے منگوائے گئے ہیں اور ڈیڑھ ڈیڑھ لاکھ کا ایک منگوا کر دو ڈینز کو دے دیئے گئے جبکہ اسی اماؤنٹ میں، اسی قیمت میں پانچ چھ لیپ ٹاپس خریدے جا سکتے تھے۔

جناب سپیکر: مشتاق غنی صاحب!

جناب مشتاق احمد غنی (وزیر برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر! یہ Dell کمپنی کے دو لیپ ٹاپس یونیورسٹی نے منگوائے تھے، ڈین فیکلٹی آف فزیکل سائنسز اور ڈین فیکلٹی آف بائیولوجیکل سائنسز کیلئے اور یہ PPRA رولز کی شق نمبر (i) (b) 42 کے تحت یہ ایک لاکھ سے نیچے اماؤنٹ کی Purchasing جو ہے وہ کر سکتے ہیں اور ایم/ایس نیٹ ورک کمپیوٹرز کوہاٹ سے یہ Buy کئے گئے ہیں، اس میں دبئی کا ذکر نہیں ہے۔ ایم/ایس نیٹ ورک کمپیوٹرز کوہاٹ سے یہ Buy کئے گئے ہیں اور PPRA رولز کے مطابق (i) (b) 42 کا جو

رول ہےWhich is very much clear،اس میں لکھا گیا ہے: "The cost of object of procurement is below the prescribed limit of *one hundred thousand rupees" تو اس میں یہ دو لیپ ٹاپس ہوئے ہیں اور انہوں نے اس کے مطابق Buy کئے ہیں۔

جناب سپیکر: 'نیکسٹ'، جی، مفتی فضل غفور، کوئسچن نمبر 2089۔

* 2089 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مالی سال 14-2013 میں حکومت نے ضلع بونیر کے ملازمین کیلئے ڈریس الاؤنس کیلئے خطیر رقم مختص کی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ رقم پوری شفافیت کے ساتھ تقسیم ہوئی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ رقم کتنی تھی، نیز جن ملازمین میں تقسیم ہوئی ہے، ان کی فہرست بمعہ رقم کی تفصیلات فراہم کی جائیں؟

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی نہیں، حکومت نے مالی سال 14-2013 میں ڈسٹرکٹ کونسل بونیر، میونسپل کمیٹی سواڑی اور طوطالئی (ضلع بونیر) کے ملازمین کیلئے ڈریس الاؤنس کی مد میں کوئی رقم مختص نہیں کی تھی۔

(ب) جیسا کہ (الف) میں ذکر کیا گیا ہے۔

(ج) جیسا کہ (الف) میں ذکر کیا گیا ہے۔

مولانا مفتی فضل غفور: اس سوال کے جواب سے جی میں مطمئن ہوں، Satisfied۔

جناب سپیکر: 'نیکسٹ'، 2092، مفتی فضل غفور۔

* 2092 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اے ڈی پی 14-2013 میں سکیم نمبر 776: Special Package for Development Initiatives in KPK موجود تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اے ڈی پی 14-2013 میں سکیم نمبر 777: District Development Initiatives موجود تھی؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس اے ڈی پی میں سکیم نمبر 771: Priority Projects in Khyber Pakhtunkhwa موجود تھی اور اے ڈی پی سکیم نمبر 772: Reforms Initiatives in Khyber Pakhtunkhwa بھی موجود تھی؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سکیم نمبر 776، 771، 772 اور 777 میں کن کن صوبائی حلقوں کو کتنا کتنا حصہ دیا گیا، حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: (الف) جی ہاں، البتہ مذکورہ سکیم اے ڈی پی نمبر 776 پر نہیں بلکہ 771 پر موجود تھی۔

(ب) جی ہاں، البتہ مذکورہ سکیم اے ڈی پی نمبر 777 پر نہیں بلکہ 775 پر موجود تھی۔

(ج) جی ہاں، البتہ مذکورہ سکیم اے ڈی پی نمبر 771 پر نہیں بلکہ 776 پر موجود تھی، جہاں تک سکیم نمبر 772: Reforms Initiatives in Khyber Pakhtunkhwa کا تعلق ہے، یہ اصل میں Reforms Initiatives in Local Government تھی جس کا اے ڈی پی نمبر 801 تھا۔

(د) سکیم نمبر 771، 775 اور 776 کی تفصیلات بالترتیب بذریعہ ضمیمہ جات (الف)، (ب) اور (ج) ایوان کو فراہم کی گئیں جبکہ سکیم نمبر 801: Reforms Initiatives in Local Government میں سال 14-2013 میں کوئی فنڈ جاری نہیں کیا گیا تھا۔

مولانا مفتی فضل غفور: شکریہ جناب سپیکر۔ زه به لږ د دې ایوان توجه دې طرف ته غواړم بالخصوص ستاسو په وساطت سره د منسټر صاحب توجه غواړم۔ په دیکښې جی زما سپلیمنټری کوئسچنز دی، یو خو مې دا گزارش دے چې دا کوم اے ډی پی سکیمز تقسیم شوی دی نو په دیکښې د معاهدې مطابق جماعت اسلامی ته دس فیصد شیئر او عوامی جمهوری اتحاد ته سات فیصد شیئر چې د هغې پاسداری پکښې شوې ده او که نه ده شوې؟ او دویم جی په دیکښې بعضې داسې د نیشنل اسمبلۍ ممبرانو ته آیا فنډز جاری شوی دی چې هغه د صوبائی اسمبلۍ د ممبرانو په نسبت باندې زیات دی او زما جی دریم سپلیمنټری کوئسچن د منسټر صاحب نه دا دے چې آیا د دوئ د طرف نه براه راست د دې ځائې بعضې سکیمونه ډسټرکټ کونسلز ته لیږلې کیږی چې په هغې کښې د

'کنسرنډ' ایم پی ایز سره مشاورت نه کيږی او د ډسټرکټ کونسل د فنډ نه هغه سکيمونه د تنظيمونو او د مختلف پارټئ د ليډرانو، د غير منتخب خلقو د هغوی په وينا باندې د هغه سکيمز Identification کيږی، که د دې لږ جواب منسټر صاحب راکړی جی۔

جناب سپیکر: جی عنایت خان!

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر(بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپيکر صاحب! محترم ممبر صاحب د۔۔۔۔۔

جناب محمد رشاد خان: جناب سپيکر! د دې سره Related زما سپليمنټری سوال دے۔

جناب سپیکر: د دې نه پس به خير موقع۔۔۔۔

سینیئر وزیر(بلدیات): محترم ممبر صاحب چې د ډسټرکټ کونسل حوالې سره کوم سوال اوکړو نو هغه فريش کوئسچن وو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی رشاد خان!

جناب محمد رشاد خان: سپیکر صاحب! اتنے بڑے بڑے پروگرامز ہیں۔ جناب سپیکر! کافی خطیر رقم کی Allocation کی گئی ہے تین مختلف پروگرامز میں۔ جناب سپیکر! میں تھوڑی سی وضاحت چاہتا ہوں کہ یہ کونسا پیمانہ ہے جس میں ہمارے یہ پسماندہ اضلاع نظر نہیں آتے، کس پیمانے کے تحت اس فنڈ کی Allocation کی جاتی ہے؟ تھوڑی سی وضاحت منسٹر صاحب اس پہ کردیں تو بہت بڑی مہربانی ہوگی۔

جناب سردار حسین (چترالی): سر!

جناب سپیکر: سلیم، سردار، سردار! جی جی سردار حسین چترالی!

جناب سردار حسین (چترالی): سر! یہ Low fund position of ADP, scheme No. 775، اس میں یہ لکھا گیا ہے "All Constituencies except Chitral"، یہ اسرائیل کے اس میں لکھا جاتا ہے کہ "All Countries except Israel" پہلے تو میں ان سے یہ پوچھتا ہوں کہ یہ سلوک کس طرح کیا گیا ہے اے ڈی پی نمبر 775 میں؟ نمبر ٹو سر! اے ڈی پی نمبر 776 جو تقسیم کی گئی ہے تو اپر دیر اور لوئر دیر سے سٹارٹ لیا گیا ہے تمام Constituencies میں، جس میں۔۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: جناب سپیکر صاحب! تھانہ نہیں ہے۔

جناب سردار حسین (چترالی): تھانہ نہیں ہے تو میں کیا کروں، دیر اپر اور لوئر دونوں لکھا ہوا ہے لیکن اس سے آگے بھی پاکستان کا حصہ ہے جسے چترال کہا جاتا ہے اور دیر اپر لوئر میں Forty eight, forty eight million کل دو ضلعے بنے ہیں، 96 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں، یہ ہے Priority project۔ چترال جیسا غریب علاقہ کہ جس میں سات دن میں چھ گھنٹے کیلئے ہم اپنے گھروں کو آتے جاتے ہیں، آج بھی صورتحال یہ ہے کہ 96 ملین لواری سے اس طرف پہلے ضلع میں رکھے جاتے ہیں اور لواری سے اس پار ایک ملین روپے ان کے پاس نہیں تھے۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ یہاں دو پارٹیوں کی حکومت ہے، ایک جسٹس پارٹی ہے، تحریک انصاف، دوسری جماعت اسلامی، مجھے یہ بتایا جائے، یہ تقسیم انصاف کے مطابق ہوئی ہے یا اسلام کے مطابق؟ یہی میرا کوسچن ہے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: عنایت خان! عنایت خان۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: بس بہت ہو گیا، اس کے بعد یہ جواب دے دے گا نا۔ جی، آپ کا سپلیمنٹری نہیں، ٹھیک ہے اس کے بعد یہ کریں۔ یہ تو پھر ٹائم ہی نہیں ہے، گھنٹہ ٹائم ہے، یہ تو ٹائم نہیں ہے اس طرح۔

سینئر وزیر (بلدیات): یہ تو سپلیمنٹری کوسچن نہیں ہے اس میں، یہ تو میں رولز کے مطابق بات کروں گا۔ یہ جو مفتی صاحب نے Raise کیا ہے، انہوں نے ڈسٹرکٹ کونسل فنڈز کے حوالے سے پوچھا ہے، میرے خیال میں یہ ڈسٹرکٹ کونسل فنڈز کی بات نہیں ہے۔ ادھر انہوں نے جو سوال کیا ہے، وہ سپیشل پیکج 776 جو کہ نمبر غلط دیا ہے، ہم نے ٹھیک کیا ہے۔ District Development Initiative کا انہوں نے ذکر کیا ہے اور Priority Project of Khyber Pakhtunkhwa, Reforms Initiative in Khyber Pakhtunkhwa کا جو انہوں نے حوالہ دیا ہے کہ ڈسٹرکٹ کونسل کو یہاں سے انسٹر کشنز جاتی ہیں، وہ الگ فنڈ ہے، وہ پی ایف سی فارمولے کے تحت پورے صوبے کے اندر تقسیم ہوتا ہے، اس کا اپنا ایک فارمولا ہے، ہر ضلع کا اپنا ایک شیئر ہوتا ہے۔ یہ اے ڈی پی کے اندر جس طرح کہ بتا دیا ہے کہ

وزیر قانون: جناب سپیکر! نلوٹھا صاحب نے بڑا اچھا فرمایا لیکن میری عرض یہی ہے Legally speaking، میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں کہ اس کا تعلق مرکزی حکومت سے تھا، Unfortunately یہ جو سپاہی تھا، ایف سی سے اس کا تعلق تھا اور مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ 2010 میں یہ واقعہ ہوا تھا، اس ٹائم Fullfledged صوبائی حکومت میں اے این پی کی گورنمنٹ تھی اور اس کے باوجود تین سال میں ایف سی کے ساتھ کوئی Correspondence نہیں ہوئی۔ تو اب میں ان کو یہ ایشورنس دیتا ہوں کہ اب ان شاء اللہ 2015 ہے، پانچ سال اس واقعے کے ہو گئے ہیں، میں اب بھی اس کیلئے انسانی ہمدردی کے تحت مرکزی حکومت کے ساتھ اور ایف سی کے قائدین کے ساتھ رابطے میں رہوں گا ان شاء اللہ اور کوشش کریں گے کہ اس کو ہم Compensate کریں کسی نہ کسی طریقے سے۔

جناب سپیکر: 'نیکسٹ' کال اٹینشن، مفتی سید جانان!

جناب خالد خان: جناب سپیکر صاحب! زه هم یوه خبره کوم۔

جناب سپیکر: پلیز، وہ کال اٹینشن ہے، یہ کال اٹینشن ہوتا ہے۔ مفتی سید جانان صاحب!

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ میں اس معزز ایوان کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ ضلع ہنگو کو گیس رائلٹی کی مد میں جو رقم ملی ہے، موجودہ حکومت اس کو صرف کرنے نہیں دے رہی ہے جو کہ ابھی تک جوں کی توں پڑی ہے جبکہ وہ متعلقہ اداروں کے حکام کو اس ضمن میں بار بار مطلع کر چکے ہیں مگر وہ "نن به شی سبا به شی" کی پالیسی پر عمل پیرا ہیں جس سے عوام میں بے چینی کے ساتھ ساتھ مایوسی بھی پیدا ہو رہی ہے، لٰہذا اس مسئلے کو فوری طور پر حل کرا کے متعلقہ ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی کی جائے۔

جناب سپیکر: جی۔

مفتی سید جانان جناب سپیکر صاحب! زه به مختصر غوندې خبره اوکړم۔ زه وایم چې دغه صوبه کښې به دا سې دفتر نه وی پاتې چې هغې ته به ما دا خبره وړې نه وی، نه به تاسو پاتې یئ۔ جناب سپیکر صاحب! دا په 2015-09-09 باندې ما سکیمونه جمع کړی دی او بیا په 2015-08-07 باندې ما د سپیشل پیکج سکیمونه جمع کړی دی۔ سپیکر صاحب! په 2015-01-02 باندې په دې باندې Pre DDC شوې ده، د حلقه 42 سکیمونه ئے ټول کړی دی او د حلقه 43 ټول سکیمونه ئے پریښودی دی۔ جناب سپیکر صاحب! زما به دا ګزارش وی، ډی چوک کښې یوه دهرنا شوې ده، هغې تاریخ مات کړے دے، تاریخ کښې دومره اوږده دهرنا نه ده شوې خو زما دهرنا به دومره وی چې د دې ډی چوک د دهرنې ریکارډ به ماتوی، زه به بهر اوځم او دلته کښې به هغه وخته پورې ناست یم چې تر څو پورې زما مسئلې، سپیکر صاحب! تا راته دوه ځل دغه ایوان کښې یقین دهانی راکړې ده، مظفر سید صاحب دلته موجود دے، انرجی اینډ پاور عاطف خان دفتر ته زه ورغلے یم، هغه هم موجود دے، تاسو ته مو هم وئیلی دی، وزیر اعلیٰ صاحب ته زه ورغلے یم خو زما فریاد هیچا نه دے اؤریدلے۔ بیا پرون دلته تاسو راوستم، دا مو راته اووئیل، عنایت صاحب راغلو، شاه فرمان صاحب راغلو او دوه

کسان لاء منسټر صاحب راغلو، دا کسان دلته بیا راغلل چې مفتي صاحب راشه، مطلب دا دے مونږ به خبره اوکړو۔ جناب سپیکر صاحب! پیغمبر ﷺ فرمائي چې د منافق سړی درې علامې وی خو زه به وایم نه، زه بد بنکارم خو سپیکر صاحب! چې هلته مونږ راولی بیا مونږ سره وعده اوکړی او بیا مطلب دا دے دغه خپلې وعدې باندې خیژی بیا به د دغه ایوان څه تقدس وی، د هغه ممبر به څه تقدس وی، د هغه منسټر په خلې باندې به زه څه اعتبار کوم؟

جناب سپیکر: عنایت خان!

جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، منور خان!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: ایک بات میں کرنا چاہتی ہوں جناب سپیکر!

جناب سپیکر: منور خان! اس پہ بحث نہیں، (مداخلت) میڈم! آپ کو پتہ ہے بحث تو نہیں ہو سکتی۔

جناب منور خان ایڈوکیٹ: نہیں سر! اس پہ ہم بحث نہیں کر رہے ہیں لیکن کل جس طرح اس ایوان میں جو شور شرابا پیدا ہوا ہے، وہ صرف مفتی جانان کی وجہ سے ہوا ہے اور یقیناً جب یہاں پہ ہم آتے ہیں تو ہم آپ ہی کو ایڈریس بھی کرتے ہیں اور آپ ہمارے اس ہاؤس کے کسٹوڈین بھی ہیں۔ ٹھیک ہے مفتی جانان صاحب کی جو فریاد ہے اور جو شکایت ہے سر! کم از کم ان کو تو یہ بتا دیا جائے کہ یہ آپ کے ساتھ کیوں ہو رہا ہے یا اس کو یہ ایم پی اے نہیں لگتا یا ان کی وجہ کیا ہے، وجہ تو بتا دیں؟ کم از کم اس کو یہ Satisfaction تو ہو جائے کہ ہم آپ کے ساتھ اس وجہ سے کر رہے ہیں کہ آپ جے یو آئی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں، اپنی پارٹی بدل دو تو پھر اس کو ہم کہیں گے کہ اگر آپ کو اتنا فنڈ مل رہا ہے، تو اپنی پارٹی بدلو اور پی ٹی آئی میں شامل ہو جاؤ، کیا آپ ہمیں اسلئے مجبور کر رہے ہیں کہ ہم آپ کو فنڈ تب دیں گے جب آپ اس طرح کریں گے؟ جناب سپیکر! اگر مفتی جانان صاحب کی یہ ڈیمانڈ، یہ مطالبہ، اگر آپ ایکشن نہیں لیتے تو ہمارے پاس اور کچھ نہیں تو پھر ہم بھی روڈ میں چلے جائیں گے، روڈوں پہ جیسے آج آپ لوگوں نے لوگوں پہ لاٹھی چارج کیا تو پھر ہم پہ بھی لاٹھی چارج کر لیں، ہم عوام کیلئے لاٹھی چارج بھی برداشت کرتے ہیں، ہم عوام کیلئے سب کچھ

برداشت کرتے ہیں (تالیاں) لیکن اگر مفتی جانان کے ساتھ اس طرح کی بات ہو رہی ہے تو کل میرے ساتھ بھی ہو گی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت خان!

جناب منور خان ایڈوکیٹ: اور یہ جو ایوان میں بیٹھے لوگ ہیں، ہو سکتا ہے کہ پچھلے، 'نیکسٹ' یہاں پہ اپوزیشن میں بیٹھے ہوں گے تو خدارا اس قسم کی وہ روایت اختیار نہ کریں۔ تھینک یو سر۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: سر! میں نے بات کرنی ہے۔

جناب سپیکر: میڈم آپ رولز کو بہت اچھی طرح جانتی ہیں، اس پہ وہ نہیں ہو سکتی۔ پلیز آپ رولز کو جانتی ہیں، بہت اچھا۔ میں مشتاق غنی صاحب سے بات کروں گا، مشتاق غنی صاحب سے کہ وہ Respond کریں۔ کل مفتی جانان صاحب سے آپ نے Commitment کی تھی، وہ آپ۔۔۔۔۔

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ): جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، منسٹر فنانس بات کرنا چاہتے ہیں۔

وزیر خزانہ: بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ جناب سپیکر صاحب! مفتی جانان صاحب چې کومه ګیله شکوه او کړه نو د دې سره خو زما اتفاق دے پخپل ځائې باندې، ما چې کوم فګرز اخستی دی او دوئ چې کوم توجه دلاؤ نوټس پیش کړے دے 548 نو په هغې کښې هم د ده دا خبره ده چې د فنډز خو ډیره بنا ئسته خبره ئے لیکلې ده چې "نن به شی سبا به شی" خو فنانس دوئ ته هغه خپل فنډ ور کړے دے، د ډی سی په پارټ باندې دا ده چې هغوی DDC او کړی او دا فنډز ریلیز کړی۔ زه نن نه دې ځائې نه Being a Finance Minister هغوی ته آرډر کوم چې Within a week په دې باندې DDC او کړی او دا فنډ هلته یوټیلائز شی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: جی، مفتی صاحب! اچھا جی 'نیکسٹ'۔

جناب مفتی سید جانان: زه سپیکر صاحب! د منسټر صاحب ډیر مشکور یم، الله پاک د تاسو ته هم جزائے خیر درکړی او دوئ ته د الله پاک جزائے خیر ور کړی۔

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: یہ پیش کرتے ہیں پہلے۔

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا یونیورسٹیاں مجریہ 2015 کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Honourable Minister for Higher Education, to please introduce before the House the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2015.

Mr. Mushtaq Ahmad Ghani (Minister for Higher Education): Janab Speaker! I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2015.

Mr. Speaker: It stands introduced.

مسودہ قانون (ترمیمی) مجریہ 2015 کا زیر غور لایا جانا

(سب آرڈینیٹ، جوڈیشری سروسز ٹریبونل)

Mr. Speaker: Honorable Minister for Law!

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Subordinate Judiciary Services Tribunal (Amendment) Bill, 2015 may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Subordinate Judiciary Services Tribunal (Amendment) Bill, 2015 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honorable Member in Clauses 1 and 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 and 2 stand part of the Bill. Long title and Preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون (ترمیمی) مجریہ 2015 کا پاس کیا جانا

(سب آرڈینیٹ، جوڈیشری سروسز ٹریبونل)

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Honorable Minister for Law!

Minister for Law: Sir! I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Subordinate Judiciary Services Tribunal (Amendment) Bill, 2015 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Subordinate Judiciary Services Tribunal (Amendment) Bill, 2015 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

جناب خالد خان: جناب سپیکر صاحب! سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: یار! یہ ایجنڈا پورا کرتے ہیں، اس کے بعد۔

مسودہ قانون (دوسری ترمیم) بابت خیبر پختونخوا مقامی حکومتیں مجریہ 2015 کا زیر غور لایا جانا

Mr. Speaker: Honourable Senior Minister for Local Government.

Mr. Inayatullah {Senior Minister (Local Government)}: Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Second Amendment) Bill, 2015, in the House, sorry, may be taken into consideration at once.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Second Amendment) Bill, 2015 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. 'Consideration Stage': Since no amendment has been moved by any honorable Member in Clauses 1 to 3 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 1 to 3 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 to 3 stand part of the Bill. Amendments in Clause 4 of the Bill: Honourable Senior Minister for Local Government.

Senior Minister (Local Government): Sir! I beg to move that Clause 4 may be deleted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the honorable Minister, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is adopted and stands part of the Bill. Since no amendment has been moved by any honorable Member in Clauses 5 to 7 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clauses 5 to 7 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 5 to 7 stand part of the Bill. Amendment in Clause 8 of the Bill, 1st and 2nd amendment, Madam Uzma Khan, MPA, Muhammad Asmatullah, MPA, to please move their identical amendment in paragraph (a), Part-A of Clause 8 of the Bill, one by one.

Ms: Uzma Khan: Sir! I would like to move that in Clause 8, in paragraph (a), Part-A, may be deleted.

اور مسٹر سپیکر صاحب! منسٹر صاحب نے جو امنڈمنٹ پیش کی، اس کی کاپی ہمیں نہیں ملی، ہمارے ایجنڈے کے ساتھ Attach نہیں ہے، انہوں نے Clause 4 کو Delete کیا، Amendment add کی اس میں۔

جناب عنایت اللہ {سینئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی جی، جی جی۔

سینئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر! یہ میں ذرا بتادوں، It is in the agenda, the last page, probably she has not gone through it۔ سر! یہ Basically ہم نے ایک آرڈیننس کے تھرو Delimitation کا اختیار الیکشن کمیشن آف پاکستان کو دیا تھا۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے اندر انہوں نے رولنگ دی، Decision دیا کہ جو خیبر پختونخوا حکومت نے Delimitations کی ہیں، وہ درست ہیں اور یہ کرنٹ جو الیکشن ہے، وہ اس Delimitations کے تحت کیا جائے جو Delimitation Authority Khyber Pakhtunkhwa نے کی ہیں، اسلئے جو پرانے والا Law تھا، ہم نے امنڈمنٹ لائی تھی، اس میں سیکشن 10 کو Delete کیا گیا۔ سیکشن 10 میں Basically Delimitation Authority کا ذکر تھا، اب چونکہ سپریم کورٹ کا Decision آ گیا ہے تو ہم اس سیکشن 10 کو Retain رکھنا چاہتے ہیں اور سیکشن 4 کو Delete اسلئے کرنا چاہتے ہیں کہ سیکشن

10 کے اندر Delimitation Authority کا ذکر ہے تو سیکشن 4 کی Deletion سے سیکشن 10 Retain ہو جائے گا اور Delimitation Authority intact رہے گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی عصمت اللہ صاحب! عصمت اللہ!

<u>جناب محمد عصمت اللہ:</u> شکریہ جناب۔ میں لوکل گورنمنٹ سیکنڈ ترمیمی بل کی Clause 8 کے حصہ A کو مطلب حذف کرنے کی ترمیم پیش کرتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی، ڈیٹیلز۔۔۔۔۔

<u>محترمہ عظمیٰ خان:</u> سر! عصمت اللہ صاحب پہلے کر لیں، ٹھیک ہے کر لیں۔

<u>جناب سپیکر:</u> ڈیٹیل آپ بتائیں گے؟

<u>جناب محمد عصمت اللہ:</u> جی، جناب سپیکر! کہتے ہیں کہ:

بدن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کُجا نہم۔

جناب سپیکر! یہ ضلع کوہستان کی تقسیم کا مسئلہ ایک انتہائی گھمبیر مسئلہ اسلئے ہے کہ اس میں بہت سارے آئینی سقم ہیں اسلئے میں آپ کی توجہ اور اس ہاؤس کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں تاکہ ہم اس انداز میں بے خبری کے انداز میں، ناسمجھی کے انداز میں کسی قانون شکنی کے مرتکب نہ ہو جائیں۔ جناب والا! ادھر سے تو جب ہم دیکھتے ہیں تو ضلع کوہستان ایک ہی ضلع ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے۔ جناب سپیکر! میں تمہید کے طور پر صرف ایک دو آرڈرز آپ کو دکھانا چاہتا ہوں اس ہاؤس کو آپ کی وساطت سے کہ یہ ضلع کوہستان 1976 میں بنا ہے، جب ہزارہ ضلع Cease ہوا پشاور سے تو اس کے نیچے تین اضلاع بنے اور ایک ضلع کوہستان، اس ضلع کوہستان میں ایک 159 گاؤں کا نوٹیفیکیشن تھا جو صرف ضلع ہزارہ کا حصہ تھا، اسی کو ضلع بنایا گیا اور پھر دوسرے نوٹیفیکیشن میں اسی ضلع کے نیچے جو سب ڈویژن اور تحصیل بنائی ہے، اس میں ایک ہی تحصیل داسو ہے اور ایک ہی سب ڈویژن داسو ہے، یہ بھی 159 گاؤں پر مشتمل ہے۔ جناب سپیکر! یہاں پر میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اب یہ دوسرا مسئلہ یہ صرف کوہستان کا مشرقی حصہ ہے، اس میں کوہستان کا مغربی حصہ ضلع کوہستان کے نوٹیفیکیشن میں نہیں ہے، یہ 159 گاؤں ہیں۔ اب یہ مغربی حصہ کوہستان میں کہاں سے آگیا اور کیسے آگیا، کیوں آگیا؟ تو جناب سپیکر! یہ اس وقت 1976 کا گورنر صاحب کا آرڈر ہے،

گورنر آف این ڈبلیو ایف پی، وہ کہتے ہیں یکم اکتوبر 1976: "The tribal areas mentioned in column No. 2" اور اس طرح آگے کہتے ہیں، "Shall for administrative purposes attached to the Districts in Hazara Division" جو کالم نمبر 3 میں دیا گیا ہے جو کہ یہ ضلع ہے۔ یہ نیچے لکھتے ہیں کہ "Areas composing the following villages of Swat District"، تو یہ گورنر صاحب کے آرڈر پر انتظامی Purpose کیلئے یہ ضلع کوہستان کے ساتھ Attached علاقہ ہے، Merged نہیں ہے، اس میں ادھر Merged نہیں ہے، Attached ہے اور یہ ہمارے صوبے کا حصہ نہیں ہے، یہ ہمارے صوبے کے زیر انتظام ٹرائبل ایریا ہے، PATA ہے۔ اب یہاں سے ہم سوچتے ہیں کہ کوہستان ہے تو ایک ہی چیز ہے حالانکہ اس میں بہت بڑا فرق ہے۔ جناب سپیکر! آپ کے علم میں ہے کہ ہمارے آئین کے آرٹیکل نمبر 1 میں پاکستان کے علاقے بتائے گئے ہیں، اس میں بتایا گیا ہے کہ نمبر ایک صوبہ جات، نمبر دو، اس ترتیب میں تھوڑا سا آسانی کیلئے میں فرق لاؤں گا، نمبر دو، صوبے کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات، نمبر تین وفاق، نمبر چار وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات۔ تو یہ الگ الگ ہیں، ان کی قانونی حیثیت بھی الگ الگ ہے تو اسلئے میں یہ وضاحت تمہید کے طور پہ کرنا چاہتا تھا تاکہ ایسا نہ ہو کہ ہم اس کوہستان کو ایک ہی سمجھ کر کوئی ایسی قانون سازی کریں کہ کل وہ قانون سازی عدالت سے یا کسی اور ذریعہ سے ہمارے گلے میں پڑ نہ جائے۔ تو جناب سپیکر! اب میں آتا ہوں اس بات کی طرف، اسلئے عدالت میں ہم گئے ہیں کہ یہ ضلع کوہستان جس طرح نوٹیفیکیشن ہوا ہے، اس میں تحصیل پالس لوئر کوہستان میں ہے جو ریگولر صوبے کا حصہ ہے، وہ پشاور ڈویژن کا حصہ رہا ہے اور تحصیل پٹن جو PATA ہے، ملاکنڈ ڈویژن کا حصہ ہے، ان دونوں کو ملا کر ضلع بنایا گیا ہے۔ تو جناب سپیکر! اس میں دو وجوہات ہیں، اب میں آتا ہوں، اس کا مزید یہ کہ اس کا آئین میں بھی ذکر ہے، 73 کے آئین میں ہے آرٹیکل 246 حصہ (ب)، اس میں کہتے ہیں کہ: "صوبے کے زیر انتظام قبائلی علاقہ جات سے حسب ذیل مراد ہے، چترال، دیر، سوات کے اضلاع بشمول کالام، ضلع کوہستان کا قبائلی علاقہ"، تو یہ میں نے جو آپ کو بتایا کہ ایک ضلع کوہستان ہے اور ایک ضلع کوہستان کو گورنر کے آرڈر پر جو Attached علاقہ ہے، ٹرائبل ایریا، ایک وہ علاقہ ہے۔ تو اب میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ضلع کوہستان لوئر کے ضلع کا نوٹیفیکیشن

غلط ہوا ہے، اب ہمارے منسٹر صاحب نے یہ جو ترمیم لائی ہے، یہ اس غیر قانونی نوٹیفیکیشن کو مزید مستحکم اور مدد کر رہی ہے اسلئے کہتا ہوں کہ اس کو Delete کیا جائے اور یہ میں اسلئے کہتا ہوں کہ میں منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہوں گا کہ آپ ضلع کوہستان لوئر کا پٹن حصہ بناتے ہیں اس کے ساتھ، تو کیا یہ آپ Attach کر کے ضلع بناتے ہیں یا اس کا مستقل حصہ بنا کر ضلع بناتے ہیں؟ اگر آپ Attach کر کے بناتے ہیں تو جناب سپیکر! پھر آئین میں ترمیم کرنا ہو گی، ضلع کوہستان کا ٹرائبل ایریا نہیں رہے گا بلکہ ضلع لوئر کوہستان کا ٹرائبل ایریا بھی ہو گا اور اس میں پھر آپ کو ترمیم لانا ہو گی اور یہ ترمیم، جناب سپیکر! میں آپ کی توجہ چاہوں گا، یہ ہماری صوبائی اسمبلی نہیں لا سکتی، یہ قومی اسمبلی بھی نہیں لا سکتی اسلئے کہ یہ ٹرائبل ایریا کی تقسیم یہ صدر صاحب کے رحم و کرم پر ہے، یہ ہماری اسمبلیوں کی قانون سازی سے باہر کا علاقہ ہے۔ اسلئے جناب سپیکر! میں آپ کو، ہاں میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں کہ 246، یہ ترمیم اسلئے کرنا پڑے گی، مثال کے طور پر سمجھانے کیلئے، ضلع بنوں تھا، اس کے ساتھ متصل ٹرائبل ایریا تھا، ضلع لکی بن گیا تو انیسویں ترمیم کے ذریعہ کچھ ٹرائبل ایریاز کو ان کے ساتھ لگا دیا گیا تو (iii) کے بعد (iiia) پیرا گراف کا اضافہ کیا گیا اور ضلع لکی مروت کا ٹرائبل ایریا، متصل ٹرائبل ایریا، اسی طرح ڈی آئی خان کا ٹرائبل ایریا تھا، جب ٹانک ضلع بن گیا تو آئین میں ترمیم آگئی، ضلع ٹانک کا متصل علاقہ، تو اسلئے اس لفظ میں بھی جب تک ترمیم نہ آئے، کوہستان کو دو حصوں میں تقسیم نہیں کیا جا سکتا اور ترمیم کون کرے گا، ٹرائبل ایریاز کی تقسیم کون کرے گا، وہ دفعہ 247 (3) میں ذکر ہے۔ جناب سپیکر! میں معذرت چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی۔

<u>جناب محمد عصمت اللہ:</u> اچھا، 247 ذیلی شق (3): " [مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ)] کا کوئی قانون وفاق کے زیر انتظام کسی قبائلی علاقے یا اس کے کسی حصے پر لاگو نہ ہو گا تاوقت یہ کہ صدر اس طرح ہدایت نہ کرتا ہو اور [مجلس شوریٰ (پارلیمنٹ)] یا کسی صوبائی اسمبلی کا کوئی قانون صوبے کے زیر انتظام قبائلی علاقہ یا اس کے کسی حصے پر لاگو نہ ہو گا تاوقت یہ کہ اس صوبے کا گورنر جس میں وہ قبائلی علاقہ واقع ہے، صدر کی منظوری سے اس طور پر ہدایت نہ کرتا ہو"۔ اسی طرح جناب سپیکر! اگر یہ کہتے ہیں کہ ہم نے ٹرائبل حیثیت کو ختم کر کے ریگولر علاقے میں شامل کیا ہے تو یہ بھی حکومت اپنے اختیارات سے تجاوز کر رہی ہے اسلئے کہ اسی 247 کی

ذیلی شق (6) میں یہ بات درج ہے جناب سپیکر! ذیلی شق (6) میں، صدر کسی وقت، یہ اختیار بھی صرف صدر کے پاس ہے، "صدر کسی وقت حکم کے ذریعے ہدایت کر سکتا ہے کہ کسی قبائلی علاقے کا تمام یا اس کا کوئی حصہ قبائلی علاقے کے طور پر ہونا ختم ہو جائے گا" جیسا کہ زرداری صاحب نے تورغر کو، اس کے ٹرائبل حیثیت کو ختم کر کے ریگولر میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ ایک معجون مرکب ہے جناب سپیکر! اسلئے میں کہتا ہوں کہ اس میں بہت بڑا فرق ہے۔ اب میرے منسٹر صاحب یہ ترمیمی بل جب لا رہے ہیں تو ان دونوں ضلعوں کو جو غیر آئینی طور پر بنے ہیں، عدالت میں چیلنج شدہ ہیں، اس کو مزید تقویت پہنچا رہے ہیں، تو اسلئے میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ، اس کے علاوہ جناب سپیکر! بات یہ ہے کہ یہ ایک بہت بڑا گھمبیر مسئلہ ہے، یہاں پر میں آپ سے اتنا عرض کرنا چاہوں گا کہ اس کے علاوہ یہ مسئلہ، ان وجوہات کے علاوہ یہ مسئلہ جناب سپیکر! Sub judice بھی ہے اور جب کوئی مسئلہ Sub judice ہو تو اس کو یہاں زیر بحث نہیں لایا جا سکتا۔ جناب سپیکر! ہماری اسمبلی کے قواعد و ضوابط 41 میں ہے، 41 میں اور ذیلی شق (ف) میں، (ف) کے چہارم میں: "پاکستان میں قائم شدہ کسی عدالت یا قانون کی رو سے قائم کردہ ٹربیونل کے فیصلے پر کوئی اعتراض نہ کیا گیا ہو؛ یا ایسے اشارات نہ ہوں جن سے کسی زیر سماعت معاملے پر مضر اثر پڑنے کا احتمال ہو" اور یہاں تو احتمال نہیں ہے جناب سپیکر! قطعیت ہے، جناب سپیکر! یہاں میں آپ کی طبیعت آزادی کیلئے ایک بات سناؤں۔ ایک آدمی استنجا کر رہا تھا تو کہہ رہا تھا کہ ++++++++ ++++ * ++++++++

---

* بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

(قہقہہ) جناب سپیکر! بات یہ ہے-----

<u>جناب سپیکر:</u> یہ میں حذف کرتا ہوں، یہ کچھ الفاظ جو ہیں نا۔ (قہقہہ)

<u>جناب محمد عصمت اللہ:</u> جناب سپیکر! یہاں پر یہ دوسرا، یہ 71 جی، ہمارے قواعد و ضوابط کا نمبر 71 اور اس کی ذیلی شق (ی): "تحریک کسی ایسی معاملے سے متعلق نہیں ہو گی جو عدالت میں زیر سماعت ہو" اور اسی طرح جناب سپیکر! ہماری اسمبلی کے قواعد و ضوابط 125 ذیلی شق (5): "یہ کسی ایسے معاملے سے متعلق نہ ہو گی جو کسی ایسی قانونی عدالت کے زیر سماعت ہو، جسے پاکستان کے کسی حصے میں اختیار سماعت حاصل ہو"

میں سمجھتا ہوں کہ میرا منسٹر صاحب مجھے جواب میں کہے گا کہ یہ تو سوال کے متعلق ہے، یہ تو تحریک التواء کے متعلق ہے، یہ تو قرارداد کے متعلق ہے لیکن میں انتہائی ادب سے عرض کرنا چاہتا ہوں، یہاں میں انتہائی ادب سے یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ قرآن کریم میں یہ بات تو ہے والدین کے بارے میں "فَلَا تَقُل لَّهُمَآ أُفٍّ وَلَا تَنْهَرْهُمَا" ان کے سامنے بڑی سانس بھی مت لو کیونکہ ان کو تکلیف پہنچے گی اور ان کے کسی حکم کو بھی مت ٹالو کیونکہ ان کو تکلیف پہنچے گی لیکن قرآن میں یہ نہیں ہے کہ اپنے والدین کو گالیاں مت دو، اپنے والدین کو مت مارو، تو کیا ہم یہ کہیں گے کہ مارنا یا والدین کو گالیاں دینا جائز ہے؟ تو جناب سپیکر! ہماری فقے کی اصولی فقے میں کہتے ہیں کہ کسی بات کے استنباط کے چار طریقے ہیں، ایک طریقہ "عبارۃ النص" ہے، ایک طریقہ "دلالۃ النص" ہے، ایک طریقہ "اقتضاء النص" ہے، ایک طریقہ "عبادۃ النص" ہے، تو یہ جب ہم تحریک التواء نہیں پیش کر سکتے ہیں، یہ سوال نہیں پیش کر سکتے ہیں اور اس طرح ہم قرارداد نہیں لا سکتے ہیں تو اس عدالت کو مطلب فیصلے کو سبوتاژ کرنے کیلئے بل، یہ تو ان سے زیادہ اثر انداز چیز ہے، یہ تو ماں باپ کو گالیاں دینے کے مترادف ہے، یہ بطریق اولیٰ ناجائز ہے، ایک بات۔۔۔۔

جناب سپیکر: شکریہ جی، شکریہ۔

جناب محمد عصمت اللہ: آخری بات جی، آخری بات میں عرض کرنا چاہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ ہماری اس اسمبلی کو جو وفاق کی فہرست میں شامل نہ ہو، ان امور میں قانون سازی کا حق آئین نے دیا ہے، یہ آئین نے دیا ہے، جناب سپیکر! میں آپ کو بتا سکتا ہوں کہ آئین کے 142 اور 143 میں یہ بات ہے لیکن۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، ماشاءاللہ آپ نے کافی تیاری کی ہے، میں Appreciate کرتا ہوں۔ میں منسٹر صاحب کو بھی اس کے بعد وہ کہوں گا کہ وہ اس کے اوپر اپنا Opinion دے دیں۔

جناب محمد عصمت اللہ: تو اس سلسلے میں عرض کرنا چاہتا ہوں، لیکن اس میں عرض یہ ہے جناب سپیکر! یہ جو اس میں صوبائی اسمبلی کو قانونی اختیار آئین نے دیا ہے لیکن آئین نے مشروط طور پر دیا ہے کہ ہم یہاں ان امور میں جو وفاق کی فہرست میں شامل نہ ہوں قانون سازی کر سکتے ہیں لیکن آئین کی ایک مطابقت میں، آئین کی کسی شق کو توڑ کر نہیں، آئین کی کسی شق کو پامال کر کے ہمیں یہ اختیار نہیں ہے اور جناب سپیکر! انتہائی ادب سے عرض کروں گا کہ آئین کے آرٹیکل 204 توہین عدالت، کیا ہم اس آئین کو یہاں لا کر ہم

توہین عدالت کے مرتکب تو نہیں ہو رہے ہیں؟ آئین کیا بتارہا ہے، وہ اس کی ذیلی شق (الف) میں ہے جی: " عدالت کی قانونی کارروائی کی کسی طرح مذمت کرے، اس میں مداخلت یا مزاحمت کرے" تو یہ عدالت کی کارروائی میں مزاحمت اور مداخلت نہیں ہے؟ اور اسی طرح (ج) میں ہے: "کوئی ایسا فعل کرے جس سے عدالت کے سامنے زیر سماعت کسی معاملے کا فیصلہ کرنے پر مضر اثر پڑنے کا احتمال ہو"، اور یہاں تو احتمال نہیں ہے، قطعیت ہے جناب سپیکر! اسلئے میں کہتا ہوں کہ یہ غیر قانونی ہے اور ہمارے رولز کی خلاف ورزی ہے۔ اس میں بہت سارے مسائل ہیں، Sub judice ہے، کل ایسا نہ ہو کہ ہماری پوری اسمبلی کا اجلاس یہ ہائی کورٹ کے سامنے توہین عدالت کے مرتکب ہو کر وہاں منعقد کرنا نہ پڑے۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت خان!

جناب محمد عصمت اللہ: اسلئے میری یہ درخواست ہو گی جناب سپیکر صاحب! کہ آپ نے حلف اٹھایا ہے کہ میں قانون کی پاسداری کروں گا، آئین کی پاسداری کروں گا، جو ابھی تک آپ نے یہ کردار ادا کرتے ہوئے پوری کی ہے، مجھے امید ہے کہ اس مسئلے میں بھی آپ اپنے آئینی فرائض کو بخوبی پورا کریں گے۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: عنایت خان! عنایت خان!

(مغرب کی اذان)

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): جناب سپیکر!

Mr. Inayatullah {Senior Minister (Local Government)}: Let me respond to the point raised.

جناب سپیکر: مولانا صاحب! میرے خیال میں انہوں نے کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر! میری گزارش ہے منسٹر صاحب سے بھی اور ایوان سے بھی کہ اگر اس کیلئے ہم ایک کمیٹی بنا کے اس میں ہم اس کو ڈسکس کر لیں تو یہ زیادہ بہتر ہو گا، یہ کوئی ضد یا انا کا مسئلہ نہیں ہے۔ اگر ایک ممبر اس کے اتنے وہ پیش کر رہا ہے، حوالے دے رہا ہے، آئین کے بھی اور بل پاس کرنے

کے حوالے سے بھی جو قدغن آ رہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کیلئے اگر کمیٹی بنا دی جائے اور اس میں ڈسکشن ہو جائے اس کی، تو اس کا کوئی اچھا مسئلے کا حل نکل سکتا ہے۔

جناب سپیکر: جی جی، عنایت خان!

سینئر وزیر (بلدیات): بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ ایک تو سر! میں یہ واضح کرتا چلوں کہ جو ضلعے بنتے ہیں، وہ صوبائی اسمبلی کی لیجسلیشن کے تھرو نہیں بنتے ہیں، یہ بات بالکل کلیئر ہونا چاہیئے، ضلع تنظیمی اور ایڈمنسٹریٹیو یونٹس ہوتے ہیں کہ جو ریونیو ڈیپارٹمنٹ بناتا ہے۔ اب ہمیں کیوں ضرورت پڑتی ہے کہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ کے مسئلے کو لوکل گورنمنٹ کے اندر Reflect کریں، اس کی وجہ یہ ہے کہ لوکل گورنمنٹ جب الیکشن کرتی ہے تو ڈسٹرکٹس اور تحصیلوں میں کرتی ہے اور یونین کونسلز میں کرتی ہے۔ اس مرتبہ ہم نے شیڈول کے اندر ان تحصیلوں کے نام لکھے ہیں، ان ضلعوں کے نام لکھے ہیں، ان یونین کونسلز کی تعداد لکھی ہے، نام لکھے ہیں، یونین کونسلز کی تعداد لکھی ہے جو کہ بنی ہیں۔ کوہستان، ریونیو ڈیپارٹمنٹ نے کوہستان لوئر کے نام سے ایک نیا ضلع بنایا ہے اور ہم چونکہ لوکل گورنمنٹ الیکشن کرنے جا رہے ہیں، وہاں ڈی سی تعینات ہو چکا ہے، وہاں ڈی پی او تعینات ہو چکا ہے۔ مولانا صاحب جس Court decision کا حوالہ دے رہے ہیں جو ایبٹ آباد سرکٹ بنچ ہے، اس نے اس کو Dismiss کر دیا ہے، یہاں اس میز کے اوپر موجود ہے، میں اس کو اسمبلی کیلئے Readout کر سکتا ہوں اور جہاں تک مولانا صاحب نے کانسٹی ٹیوشن اور رولز۔۔۔۔۔

(شور اور قطع کلامیاں)

سینئر وزیر (بلدیات): He should have a heart and listen to me، ان کا حوصلہ ہونا چاہیئے، انہوں نے اتنے لمبے چوڑے دلائل دیئے ہیں، اس کے بعد بھی آپ اس کو موقع دیں، نماز کے بعد بیٹھیں گے، پورے دلائل دیں گے۔ اس نے آئین کی جتنی شقیں Quote کی ہیں، میں اس کا بھی حوالہ دوں گا۔ تو میں ایک ایک شق پہ آتا ہوں، دیکھیں جو آرٹیکل 1 ہے، اس کے اندر پاکستان کی Territories define ہوتی ہیں کہ پاکستان کے اندر کونسی Territories شامل ہیں۔ اس میں "The Provinces of [Balochistan], the [Khyber Pakhtunkhwa], the Punjab and [Sindh]"، (a) میں یہ ہے۔ (b) میں ہے "the Islamabad Capital Territory"۔ (c)

میں ہے "the Federally Administered Tribal Areas"۔ (d) میں ہے "such States and territories as are or may be included in Pakistan, whether by accession or otherwise"،اس میں اشارہ ہے،اس میں اشارہ ہے گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر کی طرف، آرٹیکل 1 میں Provincially Administered Tribal Areas کا ذکر نہیں ہے۔

Now let come to Article 246،اس کا انہوں نے حوالہ دیا ہے:

"**246.** In the Constitution of Pakistan,-

(a) "Tribal Areas" means the areas in Pakistan which, immediately before the commencing day, were Tribal Areas, and includes-

(i) the Tribal Areas of [Balochistan] and the [Khyber Pakhtunkhwa] Province.

(ii) the former States of Amb, Chitral, Dir and Swat;

(b) "Provincially Administered Tribal Areas" means-

(i) the districts of Chitral, Dir and Swat".

یہ جو Amb، دیر، چترال اور سوات کا ذکر کیا ہے، یہ 1960 تک States تھے، 1960 کے بعد یہ Merge ہوئے اور یہ Provincially Administered Tribal Areas بن گئے۔ یہ جو (b) کے اندر ہے، یہ Provincially Administered Tribal Areas بن گئے:

(i) the districts of Chitral, Dir and Swat (which includes Kalam) [the Tribal Area in Kohistan district,] Malakand Protected Area, the Tribal Area adjoining [Mansehra] district and the former State of Amb"، یہ ہے اور پھر بلوچستان والوں کا ذکر ہے، یہ Provincially Administered Tribal Areas ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے، مولانا صاحب! سنیں، اس کے الفاظ کا ترجمہ سنیں، Provincially Administered Tribal Areas وہ ادارے جو پراونشل گورنمنٹ کے زیر انتظام ہیں جن کیلئے انتظامی اقدامات پراونشل گورنمنٹ کر سکتی ہے، جہاں ڈسٹرکٹس بنا سکتی ہے، جہاں تحصیل بنا سکتی ہے، They are Provincially Administered Tribal Areas۔ اب اس کے حوالے سے لیجسلیشن کیسے ہو گی؟ This is in Article 247 جس کا مولانا صاحب نے حوالہ دیا ہے۔ آرٹیکل 247 میں انہوں نے Sub-clause، اس کا Clause (3) ریفر کیا ہے، اس میں پورا پروسیجر دیا ہوا ہے، یہ Contradict نہیں کرتا ہے، اس میں پورا پروسیجر دیا ہوا ہے کہ ان ایریاز کے حوالے سے کیسے لیجسلیشن

ہو گی جو Provincially Administered Tribal Areas ہیں؟ اس کے حوالے سے جو خیبر پختونخوا اسمبلی کے اندر لیجسلیشن ہوتی ہے، وہ پہلے By summary گورنر خیبر پختونخوا کو بھیجی جائے گی جس طرح ہم نے پورے لوکل گورنمنٹ ایکٹ کو بھیجا اور پھر وہ ہوم ڈیپارٹمنٹ لیٹر بھیجے گا پریذیڈنٹ آف پاکستان کو اور پریذیڈنٹ آف پاکستان کی Approval آئے گی، تو اس Approval کے بعد پراونشل اسمبلی کے Laws جو ہیں، وہ Provincially Administered Tribal Areas میں Extend ہوں گے، یہ اسمبلی کے جو Laws بنتے ہیں، وہ اس طرح Extend ہوتے ہیں تو This is the procedure۔ یہاں سے پاس ہو کے یہ پھر ہوم ڈیپارٹمنٹ اس کی سمری گورنر صاحب کو موؤ کرے گا، اس کے بعد جب اس کی اجازت ملتی ہے، گورنر صاحب کی اجازت ملتی ہے تو تھرو ہوم ڈیپارٹمنٹ ہم پریذیڈنٹ آف پاکستان کو لیٹر لکھیں گے اور اس کی Approval آئے گی لیکن In corporation of Lower Kohistan District for the purpose of Local Government Elections which are going to be held in the last week of May or the first week of June, are very important and necessary، اس سے پورا ہمارا الیکشن پراسیس جو ہے In complete ہو جائے گا، اسلئے میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جو دلائل میں نے دیئے ہیں، اس کے بعد یہ انہوں نے Contempt of Court کی جو بات کی ہے، پھر 41 (ف) اور 71 کا حوالہ دیا ہے اور پھر ریزولیوشن کے حوالے سے جو رولز ہیں، اس کا حوالہ دیا ہے۔ دیکھیں اس رولز آف بزنس کے اندر وہ ہے کوئسچنز کے حوالے سے، Admissibility of Questions کے حوالے سے ہے، ایڈجرنمنٹ موشن کے حوالے سے ہے اور ریزولیوشن کے حوالے سے ہے، وہ لیجسلیشن کے حوالے سے نہیں ہے، لیجسلیشن کا الگ پروسیجر ہے، اس کے اندر دیا ہوا ہے۔ اس کے جو Relevant rules ہیں، وہ مولانا صاحب پڑھیں اور اس کے بعد کوئی اعتراض اس کے اندر ہو، اور میرا خیال ہے کہ یہ Sub judice بھی، اس پر کوئی Stay وغیرہ نہیں ہے، Stay انہوں نے Dismiss کر دیا ہے۔ میں گزارش کرتا ہوں کہ ضلع Established ہو چکا ہے، وہ ایک Fact ہے اب، اس کیلئے پوسٹیں Sanction ہو گئی ہیں، اس کی پوری تفصیل موجود ہے، وہاں ڈپٹی کمشنر جا چکے ہیں، وہاں ڈی پی او جا چکے ہیں، اسلئے میں درخواست کرتا ہوں مولانا صاحب سے کہ وہ کورٹ کے اندر اپنا کیس جاری رکھیں، کورٹ میں Ultimately اگر ان کے

حوالے سے کوئی Decision آجاتا ہے تو میں ان سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں دوبارہ امنڈمنٹ موو کروں گا اور اپنے ضلعوں کی جو لسٹ ہے، اس سے لوئر کوہستان ڈسٹرکٹ کو نکالوں گا لیکن Now this should be put to the vote.

Thank you very much, Sir.

جناب سپیکر: میں لاء منسٹر سے بھی اس بارے میں Comments چاہوں گا کہ لاء منسٹر کی اس کے بارے میں کیا وہ ہے، جو خاصکر Especially، (مداخلت) نہیں، انہوں نے جو کہا ہے کہ یہ Sub judice ہے۔

جناب امتیاز شاہد (وزیر قانون): جناب سپیکر! میں عنایت صاحب کہ جو انہوں نے بہت تیاری سے ڈسکس کیا اور Argue کیا، میں اس کو Fully support کرتا ہوں۔ یہ ایک Legal opinion point جو کہ یہاں تک مجھے ایک Attested copy پہنچی ہے، جس طرح مولانا صاحب نے کہا کہ The case is sub judice in the Court تو میں کہتا ہوں کہ اگر کورٹ میں Sub judice ہے، According to this judgment یہ Dismiss ہوا ہے، اپیل میں پینڈنگ ہے، Anyhow پھر بھی اگر کورٹ مناسب سمجھتی ہے تو اس فیصلے کو Null and void قرار دے سکتی ہے۔ اگر معاملہ پینڈنگ ہے تو میرے خیال میں میں سپورٹ کرتا ہوں۔

جناب سپیکر: نہیں، مجھے یہ بتائیں کہ ابھی کیا Status ہے، Legal status کیا ہے، کیا ہم اس کو ابھی کر سکتے ہیں یا نہیں کر سکتے؟ آپ ہمیں اس کی کیا۔۔۔۔

وزیر قانون: اگر Stay ہوتا، عدالت سے Stay order ہوتا تو پھر تو ہم Bound تھے لیکن Stay order نہیں ہے تو پھر یہ Mandatory نہیں ہے، ہم پر لاگو نہیں ہو سکتا۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی، ستار صاحب! ستار صاحب۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر! مولانا صاحب نے بات کی، گورنمنٹ کی طرف سے بل آیا، میرے خیال میں اس مسئلے میں ہمارے اندر، اللہ ہمارے اوپر رحم کرے کہ بات قانون سے زیادہ پولیٹیکل ہے۔ میں اس کی آئینی حیثیت پر دوسرے اس پر نہیں جاؤں گا، مولانا صاحب جو کہتا ہے، وہ بنیادی طور پر کوہستان

کی Creation کے اس پر ہے کہ یہ کوہستان کی جو تخلیق 1976 میں ہوئی ہے، وہ گویا آئینی طور پر نہیں ہوئی ہے، ضلع ہزارہ اس وقت ہمارا ایک ضلع تھا، اس کے بعد تین ضلعے بن گئے، اس کے بعد کوہستان کی ایک خاص، اس وقت جو آئینی Requirement تھی، اس بنیاد پر ہماری قومی ڈیمانڈ پر ضلع کوہستان کی تخلیق ہوئی ہے۔ اب ان سارے مراحل کو اگر وہ Reverse کرنا چاہتے ہیں تو مجھے کوئی وہ نہیں ہے لیکن میں آج اس اسمبلی کے اندر، ایوان کے اندر بھی، آپ کے سامنے بھی، اس پورے ہاؤس کے سامنے بھی اور پھر قوم کے سامنے بھی کہ میں نے اس کیلئے کوئی سیاسی بات نہیں کی ہے، میں نے قومی بات کی ہے، میں وہی بات آپ کے سامنے کرتا ہوں۔ منافقت ہمیں نہیں کرنا چاہیئے، اگر ضلع بنتا ہے جس پر میرے مولانا صاحب کے حلقے کے لوگوں نے، عبدالحق صاحب کے حلقے کے لوگوں نے متفقہ طور پر کہا کہ ہمیں ضلع دیا جائے تو ہم نے، اپر کوہستان والوں نے کہا کہ ہمیں اس پر کوئی وہ نہیں ہے، ہم خوش ہیں لیکن اب جو ان کا معاملہ ہے، وہ اگر بتایا جائے تو مناسب ہوگا۔ ایک طرف سے مولانا صاحب کے حلقے کے لوگ کہتے ہیں، میرے عوام کہتے ہیں، ایک طرف سے عبدالحق کے حلقے کے لوگ کہتے ہیں کہ ہیڈ کوارٹر کی کوئی بات ہے، ادھر موزوں سمجھتے ہیں پالس میں، یہ ادھر موزوں سمجھتے ہیں، اس پر تو یہ بات ہو سکتی ہے۔ اب اگر آج یہ جو بل آیا ہے، یہ Different نوعیت کا ہے، یہ مختلف اس کا ہے، یہ لوکل کونسلز کے حوالے سے ہے، اگر آج ہم اس کو Delete کرلیں تو گویا کوہستان کے کوئی نمائندہ کا اس اسمبلی میں بیٹھ کر یہ کہنا میرے خیال میں اپنی قوم اور اپنے علاقے کے ساتھ بڑی زیادتی ہوگی کہ میں کہوں کہ اگر میرے علاقے میں ضلع بنتا ہے تو میں کہوں کہ ایک کونسل بنتی ہے، ان کیلئے بننا ہے، میرے لئے نہیں بننا ہے۔ یہ پہلے ایک تھے، ایک تحصیل میں تھے پہلے، تحصیل پٹن میں یہ دونوں ایک ساتھ تھے، بعد میں Bifurcation ہوئی اور بھی تحصیل بنی ہیں۔ اس کے بعد ابھی لوئر کوہستان ضلع بنا ہے، ان کی خواہش پر بنا ہے، اس میں کوئی آپ نے یا اس ہاؤس نے یا حکومت نے زبردستی ہمارے اوپر نہیں تھوپی ہے۔ اس حد تک میں متفق ہوں اس سے کہ لوکل کونسل کے الیکشنز آرہے ہیں اور اس میں لوکل کونسلز اور ویلج کونسلز بنیں گی یونین کونسلز کی، وہ سارے معاملات ہمارا ایک قانونی تقاضا ہیں، ہم نے اس کو پورا کرنا ہے، تو لہذا میں گزارش کروں گا کہ ان کا جو مسئلہ ہے اس کو اس کے ساتھ نہ جوڑا جائے، یہ جو بل آیا ہے، یہ الگ نوعیت کا ہے۔ اس لحاظ سے میں، چونکہ ایبٹ

آباد کی حویلیاں تحصیل بھی بل میں شامل ہے اور ڈی آئی خان میں ایک، کونسی تحصیل ہے؟ (شور) وہ بھی ہے، تو اس میں میں کہتا ہوں کہ ہمیں اس کو سپورٹ بھی کرنا چاہیئے، یہ اس سے الگ مسئلہ ہے جو مولانا صاحب کہتا ہے یا میرے دوسرے بھائی، ان کا جھگڑا وہ پھر گھر کا ہے، اس کو اس حد تک نہ بڑھایا جائے کہ آج میں اسمبلی کے فلور پر کھڑے ہو کر کہوں کہ یہ گویا میرا وجود جو تھا، وہ مطلب غیر آئینی تھا یا غیر قانونی تھا، اس حد تک میرے خیال میں یہ مناسب نہیں ہو گا اسلئے آج میں سپورٹ کرتا ہوں کہ اس بل کو پاس کیا جائے۔

جناب سپیکر: لاء منسٹر! میں صرف، Sub judice نہیں ہے اس وقت یہ ایشو؟ 'Yes' یا 'No' میں کہیں مجھے۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! میں ایک عرض کرنا چاہتا ہوں۔ جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی، جی نہیں، میں صرف آپ کو موقع، صرف اس سے پوچھنا چاہتا ہوں، نہیں، مجھے Legal opinion دیں کہ کیا، مطلب اس کی Legal aspect بتا دیں۔

وزیر قانون: میرے حساب سے تو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یا میں اس طرح کرتا ہوں عنایت! میں Friday کو یہ لیتا ہوں تاکہ میں اس پہ ایڈوکیٹ جنرل۔۔۔۔۔

سینیئر وزیر (بلدیات): دیکھیں، میں نے کلیئر کر دیا ہے، پوری لیگل پوزیشن میں نے واضح کر دی ہے۔ لاء منسٹر نے Opinion دے دی ہے کہ یہ Pending in appeal ہے، اس کی اپیل خارج ہوئی ہے، اس کی جو سرکٹ بنچ ہے وہاں سے اور یہاں پشاور کے اندر Pending in appeal ہے، پھر پراونشل اسمبلی کی لیجسلیشن کے اوپر جوڈیشری کوئی وہ نہیں کر سکتی ہے لیکن لیجسلیشن کے اوپر جوڈیشری پابندی نہیں لگا سکتی ہے، وہ ایڈجرنمنٹ موشن کے حوالے سے ہے، ریزولیوشن کے حوالے سے ہے، وہ باقی کو نسچنز کے حوالے سے ہے۔

جناب سپیکر: میں مولانا صاحب کو پھر سے موقع دیتا ہوں، دومنٹ میں آپ نے بات، مولانا صاحب آپ بات کریں جی۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر صاحب!

(شور اور قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ہاں جی، ایسا نہیں میں، اس طرح ہے اگر-----

جناب محمود احمد خان: سپیکر صاحب! د جمعې پورې ئے پینډنګ کړه۔

جناب سپیکر: چلو میں ووٹ کیلئے ڈالتا ہوں۔

جناب محمد عصمت اللہ: جناب سپیکر! نہیں، جناب سپیکر! میں عرض کر رہا ہوں، جناب!-----

(شور اور قطع کلامیاں)

Mr. Speaker: The motion before the House is that the identical amendment, moved by the honourable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes'.
Members: Yes.
Mr. Speaker: Those who are against it may say 'No'.
Members: No.
Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The amendment is-----

(Pandemonium)

جناب سپیکر: میں ایک دفعہ پھر بولتا ہوں، میں ایک دفعہ پھر، اگر کوئی (مداخلت) ایک منٹ، میں اس کی وضاحت کرتا ہوں۔ جو امنڈمنٹ کے Favour میں ہیں وہ 'Yes' کہیں گے اور جو امنڈمنٹ کو Oppose کریں گے وہ 'No' کریں۔

(شور اور قطع کلامیاں)

Senior Minster (Local Government): Put it for the vote, put it for the vote, put it for the vote.

جناب سپیکر: جی، اوکے۔ ایک دفعہ پھر ووٹ کرتے ہیں جی اس کو،

The motion before the House,

جو امنڈمنٹ کے حق میں ہوگا، وہ 'Yes' کہے گا۔

The motion before the House is that the identical amendment, moved by the honourable Members, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those against it may say 'No'.

(The motion was defeated)

Mr. Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped and original paragraph (a), Part-A of Clause 8 stands part of the Bill.

(اس مرحلہ پر حزب اختلاف کے اراکین ایوان سے واک آؤٹ کر گئے)

Mr. Speaker: Mr. Samiullah Khan, MPA, not present, it lapses. Long Title and Preamble also stand part of the Bill.

مسودہ قانون (دوسری ترمیم) بابت خیبر پختونخوا مقامی حکومتیں مجریہ 2015 کا پاس کیا جانا

Mr. Speaker: 'Passage Stage': Honourable Senior Minister for Local Government.

Senior Minster (Local Government): Sir, I beg to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Second Amendment) Bill, 2015 may be passed.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Second Amendment) Bill, 2015 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed with amendment. The sitting is adjourned till Friday 02:00 pm.

(اجلاس بروز جمعة المبارک مورخہ 20 فروری 2015ء بعداز دوپہر دو بجے تک کیلئے ملتوی ہوگیا)